www.cpsglobal.org
www.mwkhan.com

# الرسالہ

# Al-Risala

January-February 2024 • Rs. 40



زندگی کے مسائل کا حل خدا نے سنجیدہ غور وفکر اور حقیقت پسندانہ
منصوبہ بندی میں رکھا ہے، نہ کہ بے فائدہ احتجاج اور ٹکراؤ میں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الرسالہ

Jan-Feb, 2024 | Volume 49 | Issue 1

Prof. Farida Khanam
Editor-in-Chief

Dr Stuti Malhotra
Editor (Hindi Section)

Farhad Ahmad
Assistant Editor

Al-Risala
1, Nizamuddin West Market
New Delhi 110013
Mobile: 8588822679, Tel. 0120 4314871
Email: cs.alrisala@gmail.com

Annual Subscription Rates

| | |
|---|---|
| Retail Price | ₹ 40 per copy |
| Subscription by Book Post | ₹ 200 per year |
| Subscription by Regd. Post | ₹ 400 per year |
| Subscription (Abroad) | US $20 per year |

Bank Details
Al-Risala Monthly
Punjab National Bank
A/c No. 0160002100010384
IFSC Code: PUNB0016000

UPI
UNIFIED PAYMENTS INTERFACE

To order books by
Maulana Wahiduddin Khan
please contact Goodword Books
Tel. 0120 4314871, Mobile: 8588822675
Email: sales@goodwordbooks.com

تحریر

## مولانا وحید الدّین خاں

فہرست

جنگ نہیں 4
گزرا ہوا زمانہ 6
ایک حدیث 8
علم اور تقویٰ 9
جنت کا مسافر 10
سفرِ معرفت 11
مطالعۂ حدیث (شرح مشکوۃ المصابیح) 15
انتہا پسندی 24
اجتہاد کیا ہے 25
سمتِ سفر 27
اصل مسئلہ 28
ایک سوال 31
سپریم چیز 32
ڈائری 1986 34
زندگی کے قیمتی سال 47
خبرنامہ اسلامی مرکز—281 48

रहमत वाले नबी का तरीक़ा 1
नफ़रत, मुहब्बत 2
मुक़ाम कैसे मिला? 6
दावत का काम सबसे ज़्यादा क़ीमती है 8
इज्तिमाई ज़िन्दगी हर हाल में ज़रूरी 8
बोलने का तरीक़ा 9
एक सुन्नत 10
दो इमकानात के दरमयान 11
ग़ैर-ख़ूनी इन्क़िलाब 12
मे’यार को बुलन्द करना 15
कम बोलना, किसी से शिकायत न होना 16
जिसकी शरारत का असर उसके बाद भी रहे 16

Printed and published by Saniyasnain Khan on behalf of Al-Markazul Islami, New Delhi
Printed at Tara Art Printers Pvt. Ltd. A46-47, Sector 5, Noida-201301
Published from 1, Nizamuddin West Market, New Delhi-110013 Editor: Saniyasnain Khan

# جنگ نہیں

قرآن کی ایک آیت ان الفاظ میں آئی ہے: وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً (8:25)۔ یعنی، اورتم لوگ بچو ایک ایسے فتنہ سے جو ہرگز محدود نہیں رہے گا (صرف) ان لوگوں تک جنھوں نے ظلم کیا ہے۔ علامہ ابن الجوزی (وفات 1201ء) کہتے ہیں کہ اس آیت میں فتنہ کا ایک مطلب علما کے نزدیک قتال بھی ہے (زاد المسیر، جلد 2، صفحہ 201)، یعنی جنگ۔

علامہ واحدی نیشاپوری (وفات 1076ء) نے اس آیت کے تحت لکھا ہے کہ ہر اس فتنے سے دور رہو کہ اگر تم اس کو اوائڈ نہیں کرو گے تو اس کا سنگین نتیجہ تم میں سے صرف فتنہ بھڑکانے والے ظالموں تک محدود نہیں رہے گا (لا تقع بالظّالمین دون غیرھم) بلکہ فتنہ بھڑکانے والے اور نہ بھڑکانے والے ہر ایک اس کی لپیٹ میں آجائیں گے (الوجیز للواحدی، صفحہ 436)۔

جدید جنگی آلات کے ذریعہ لڑی جانے والی جنگ اس آیت کی واضح مثال ہے۔ نئی دہلی میں ایک صاحب میڈیکل ٹورزم کی فیلڈ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان سے ایک مرتبہ میں نے یہ پوچھا کہ افغانستان، عراق، شام اور یمن وغیرہ میں جو طویل عرصے تک جنگ ہوئی ہے، وہاں کی عوام کی صحت پر اس کا کیا اثر دکھائی دیتا ہے۔ انھوں نے جو جواب دیا تھا، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ بہت برا اثر ہوا ہے۔ بارود اور دوسرے کیمیائی ہتھیاروں (chemical weapons) کے استعمال کی وجہ سے ان ملکوں میں بستی کی بستی کینسر اور دوسری سنگین بیماریوں کی لپیٹ میں آچکی ہیں۔ حالاں کہ عام لوگوں نے جنگ میں حصہ نہیں لیا تھا۔ جسمانی معذوری تو بہت زیادہ عام ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ قدیم دور کی جنگ کا نقصان عام طور پر صرف لڑنے والوں کے درمیان رہتا تھا، مگر جدید جنگی آلات، خاص طور پر ویپنز آف ماس ڈسٹرکشن نے جنگ کا مطلب بالکل بدل دیا ہے۔ میں نے چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT) پر یہ سوال پوچھا کہ ماڈرن وار کا اثر کیا ہوتا ہے تو اس نے یہ جواب دیا ہے۔

**Q.** What is the impact of modern warfare?

**A.** Modern warfare has a profound impact on societies, individuals, and the world as a whole. Some key impacts include:

1. **Loss of Life:** War results in the loss of countless lives, including soldiers and civilians. Modern weaponry can cause mass casualties, leading to human suffering on a massive scale.
2. **Physical and Psychological Trauma:** Survivors of war often suffer physical injuries, but they may also experience long-lasting psychological trauma, such as post-traumatic stress disorder (PTSD).
3. **Destruction:** Modern warfare can devastate infrastructure, cities, and economies. The reconstruction of war-torn regions can take years or even decades.
4. **Displacement:** War leads to the displacement of millions of people, creating refugee crises and straining resources in neighboring countries.
5. **Economic Consequences:** War has negative economic impacts, both on the countries directly involved and on the global economy. It diverts resources away from productive endeavors.
6. **Political Instability:** Wars can lead to political instability, regime changes, and the emergence of new power dynamics in regions.
7. **Environmental Damage:** Modern warfare often involves the use of environmentally harmful technologies and can lead to environmental degradation and long-term ecological consequences.
8. **Social and Cultural Disruption:** War can disrupt social structures and cultural norms, leading to societal breakdown and loss of cultural heritage.
9. **Technological Advancements:** Ironically, modern warfare drives technological advancements, as nations invest in research and development to gain a military edge.
10. **Global Impact:** Wars in one part of the world can have ripple effects globally, affecting international relations, alliances, and security policies. It is important to note that the impact of modern warfare is highly complex and multifaceted, and efforts to prevent and mitigate the consequences of armed conflict are of utmost importance. (accesed on 19.10.2023) Prof. Farida Khanam

# گزرا ہوا زمانہ

قرآن کی سورہ عصر کا ترجمہ یہ ہے: قسم ہے زمانہ کی۔ بے شک انسان بڑے خسارہ میں ہے، سوا ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیا اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کی اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کی (103:1-3)۔

عصر کا مطلب ہے گزرا ہوا زمانہ۔ ''گزرتے ہوئے'' زمانہ میں انسان ایک ''ٹھہری ہوئی'' مخلوق ہے۔ وہ بقیہ کائنات کے سرگرم قافلہ کے ساتھ لازمی طور پر بندھا ہوا نہیں ہے۔ انسانی زندگی کی یہ آزاد نوعیت بتاتی ہے کہ اس دنیا میں کامیابی کے لیے آدمی کو بالارادہ کوشش کرنا ہے، جب کہ ناکامی اس کی طرف اپنے آپ چلی آرہی ہے۔

ایک بزرگ نے کہا کہ سورہ عصر کا مطلب میں نے ایک برف بیچنے والے سے سمجھا جو بازار میں آواز لگا رہا تھا کہ لوگو، اس شخص پر رحم کرو جس کا اثاثہ گھل رہا ہے۔ لوگو، اس شخص پر رحم کرو جس کا اثاثہ گھل رہا ہے۔ اس کی پکار کو سن کر میں نے اپنے دل میں کہا کہ جس طرح برف پگھل کر کم ہوتا رہتا ہے، اسی طرح انسان کو ملی ہوئی عمر بھی تیزی سے گزر رہی ہے۔ عمر کا موقع اگر بے عملی یا برے کاموں میں کھو دیا جائے تو یہی انسان کا گھاٹا ہے (تفسیر رازی، جلد 32، ص 278)۔

انسان اپنی گزرتی ہوئی عمر کے ساتھ آخرت کے ابدی انجام کی طرف چلا جا رہا ہے۔ وہ ایسے فیصلہ کن مستقبل کی طرف بڑھ رہا ہے جہاں کامیابی صرف اس شخص کے لیے ہے جس نے اپنے عمل سے اس کا استحقاق پیدا کیا ہو۔ جو شخص عملی استحقاق کے بغیر وہاں پہونچے اس کے لیے آخرت کے دن ابدی بربادی کے سوا اور کچھ نہیں۔

موجودہ دنیا ایک انتہائی مکمل دنیا ہے۔ یہاں انتہائی بامعنی قسم کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اور یہ سب کچھ ایک پابند نظام کے تحت ہو رہا ہے۔ وسیع کائنات اپنے بے شمار اجزاء کے ساتھ ایک زبردست خدائی قانون میں جکڑی ہوئی ہے۔ ہر چیز ٹھیک وہی کرنے پر مجبور ہے جس کے لیے اس کو بنایا گیا ہے۔ مگر انسان کا معاملہ بالکل مختلف ہے۔ انسان، دوسری تمام چیزوں کے برعکس،

بالکل آزاد ہے۔یعنی انسان کی فلاح بھی تمام تر اسی میں ہے کہ وہ بقیہ کائنات کا ہم سفر بن جائے۔ تاہم اللہ کے منصوبۂ تخلیق کے مطابق، کائناتی طریقہ کو اختیار کرنے یا نہ کرنے کا معاملہ تمام تر اس کی اپنی مرضی پر منحصر ہے، وہ چاہے تو اس کو اپنائے اور چاہے تو نہ اپنائے۔

کائنات کے مقابلہ میں انسان کی مثال ایسی ہے جیسے ٹرین کے مقابلہ میں اسٹیشن پر کھڑے ہوئے مسافر کی۔ٹرین اپنے تمام اجزاء سمیت انجن کے ساتھ بھاگی چلی جارہی ہے۔ٹرین کا ہر ڈبہ انجن سے بندھا ہوا ریل کی پٹری پر دوڑ رہا ہے۔مگر مسافر اور ڈبہ میں یہ فرق ہے کہ ڈبہ تو انجن سے بندھا ہوا اپنے آپ چلا جارہا ہے۔مگر انسان اس وقت ٹرین کا مسافر بنتا ہے جب کہ وہ بالقصد اپنے آپ کو اس کے اندر داخل کرکے اس کا شریک سفر بننے پر راضی ہوجائے۔گویا انسان کو ٹرین کا ہم سفر بننے کے لیے تو ارادی عمل کی ضرورت ہے مگر ٹرین سے بچھڑنے کے لیے کسی عمل کی ضرورت نہیں۔ بچھڑنے کا واقعہ اپنے آپ ہورہا ہے، ٹھیک ویسے ہی جیسے برف پگھل کر ختم ہونے کا واقعہ اپنے آپ ہورہا ہے۔مگر اس کو بیچ کر اس سے نفع حاصل کرنے کے لیے بالقصد عمل کی ضرورت ہے۔ یا جیسے کسی طالب علم کے امتحان میں ناکام ہونے کے لیے تو صرف اتنی بات کافی ہے کہ وہ کچھ نہ کرے۔ لیکن اگر وہ کامیاب ہونا چاہتا ہے تو ضروری ہے کہ وہ امتحان کے نظام میں اپنے آپ کو شریک کرے اور ان تقاضوں کو پورا کرے جو تعلیم کے ذمہ داروں نے مقرر کیا ہے۔

انسان کی زندگی کا زیادہ بڑا حصہ وہ ہے جو موت کے بعد شروع ہونے والا ہے۔موت سے پہلے کی زندگی اس کے پورے عرصہ حیات کا محض ایک ابتدائی وقفہ ہے۔یہی مختصر وقت انسان کا اصل سرمایہ ہے۔کیوں کہ اسی پر اس کی آئندہ آنے والی طویل تر زندگی کا فیصلہ ہونا ہے۔

اس محدود مدت کو صحیح طور پر استعمال کرنا انتہائی ضروری ہے۔اس میں معمولی غفلت بھی ناقابل تلافی نقصان کی صورت میں انسان کو بھگتنی پڑے گی۔اس کو صحیح استعمال کرنے والا کون ہے۔ یہ وہ شخص ہے جو موجودہ دنیا میں تین باتوں کا ثبوت دے سکے۔ایک وہ جس کو ایمان کہا جاتا ہے۔یعنی حقیقت کا شعور اور اس کا اعتراف۔دوسرے عمل صالح۔یعنی وہی کرنا جو خالق کی اسکیم آف تھنگس کے مطابق درست ہو اور وہ نہ کرنا جو خالق کی اسکیم آف تھنگس کے مطابق درست نہ ہو۔تیسرے حق وصبر کی تواصی۔یعنی سچائی کا ادراک اتنا گہرا ہو کہ آدمی اس کا داعی اور مبلغ بن جائے۔

# ایک حدیث

ایک حدیث قدسی ان الفاظ میں آئی ہے: إِنَّ اللّٰہَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا نَادَى جِبْرِيلَ: إِنَّ اللّٰہَ قَدْ أَحَبَّ فُلاَنًا فَأَحِبَّهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرِيلُ، ثُمَّ يُنَادِي جِبْرِيلُ فِي السَّمَاءِ: إِنَّ اللّٰہَ قَدْ أَحَبَّ فُلاَنًا فَأَحِبُّوهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، وَيُوضَعُ لَهُ القَبُولُ فِي أَهْلِ الأَرْضِ (صحیح البخاری، حدیث نمبر 7485)۔ یعنی بیشک اللہ تعالی جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے، وہ جبریل کو کہتا ہے: بیشک اللہ نے فلاں سے محبت کی ہے، توتم بھی اس سے محبت کرو۔ تو جبریل اس سے محبت کرتے ہیں، پھر جبریل آسمان میں آواز لگاتے ہیں بیشک اللہ نے فلاں سے محبت کی ہے، توتم لوگ اس سے محبت کرو، تو آسمان والے اس سے محبت کرتے ہیں، اوراس کے لیے زمین میں قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔

میرے اندازے کے مطابق، یہ حدیث لفظی معنی (literal meaning) میں نہیں ہے، بلکہ وہ تمثیل کی زبان میں ہے۔ اس واقعہ کو تمثیل کی زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ اصل میں اس حدیث میں فطرت کے ایک واقعے کو تمثیل کی زبان میں بیان کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ جب کوئی انسان خدا سے ڈرنے والا بن جاتا ہے تو اس کے دل میں اللہ کے بندوں سے محبت ہوجاتی ہے۔ وہ اللہ کے بندوں کے لیے دعائیں کرتا ہے۔ اس طرح کا عمل اگرکسی انسان کے اندر پیدا ہوجائے تو وہ یک طرفہ نہیں رہتا۔ وہ سفر کرکے دوسرے انسانوں تک پہنچتا ہے۔ جب ایک طرف سے یہ واقعہ ہوتا ہے تو دوسرے انسان کی طرف سے بھی اس کا مثبت رسپانس آنے لگتا ہے۔ اس طرح محبت کا یہ عمل فطری طور پر دونوں انسانوں کے درمیان جاری ہوجاتا ہے۔ ایک شخص کے دل میں دوسرے کے لیے وہی جذبات پیدا ہوجاتے ہیں، جو دوسرے کے اندر پہلے کے لیے پیدا ہوئے تھے۔

یہ ایک ایسا تجربہ ہے، جس کو ہر انسان اپنی زندگی میں کرسکتا ہے۔ جب بھی ایک شخص کے دل میں دوسرے شخص کے لیے اس طرح کے سچے جذبات پیدا ہوجائیں، تو یہ جذبہ ایک جگہ نہیں ٹھہرے گا، بلکہ وہ سفر کرے گا۔ مجھے اپنی زندگی میں ایسے بعض واقعات معلوم ہیں، جو مجھ کو ذاتی طور پر اس حقیقت کو یقین کے درجے تک پہنچاتے ہیں۔

# علم اور تقویٰ

سورہ البقرہ میں فرمایا گیا ہے کہ: وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَیُعَلِّمُکُمُ اللّٰہُ (2:282)، یعنی اللہ سے ڈرو اور اللہ تم کو تعلیم دیتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ علم کا تقویٰ سے بہت گہرا تعلق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ علم اور صحت فکر دونوں ایک دوسرے سے الگ ہیں۔ آدمی کے پاس اگر علم یا معلومات کا ذخیرہ ہو تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ درست فکر یا صحیح سوچ کا بھی حامل ہوگا۔

اصل یہ ہے کہ علوم قطعیہ (exact sciences) میں ریاضیات اور تجربات کے ذریعہ ایک یقینی بات سامنے آسکتی ہے۔ مگر جہاں تک علوم ظنی (speculative sciences) کا تعلق ہے، ان میں اس قسم کی قطعیت (certainty) ممکن نہیں۔ اس دوسری قسم کے علوم میں صحت فکر کے لیے آنسٹی (honesty) لازمی طور پر ضروری ہوتی ہے۔ تقویٰ آدمی کے اندر یہی آنسٹی پیدا کرتا ہے۔ یہ آنسٹی اس بات کی ضمانت بن جاتی ہے کہ آدمی کا علم اس کو نادرست طرزِ فکر سے بچالے۔

خالق نے انسان کو لامحدود فکری صلاحیت کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ لیکن تفکیری عمل کو درست طور پر جاری کرنے کے لیے ایک فکری گائڈ (intellectual guide) درکار ہے۔ قرآن اسی قسم کا ایک فکری گائڈ ہے، جو اس بات کا ضامن ہے کہ انسان کا تفکیری عمل بھٹکے بغیر درست سمت میں جاری رہے۔ اسلام کی دریافت کے بعد انسان کی زندگی میں ایک نیا تفکیری عمل (intellectual process) شروع ہوجاتا ہے۔ اس کے اندر ایک ارتقا یافتہ ذہن (developed mind) تیار ہوتا ہے۔ اس طرح آدمی اس قابل ہوجاتا ہے کہ چیزوں کو درست زاویۂ نظر سے دیکھ سکے۔

تقویٰ (خوفِ خدا) کبر وغرور کا قاتل ہے۔ تقویٰ آدمی کے اندر انانیت (egoism) کا خاتمہ کردیتا ہے۔ تقویٰ آدمی کو کبر اور خود پسندی سے بچالیتا ہے۔ تقویٰ آدمی کے اندر یہ صلاحیت پیدا کرتا ہے کہ وہ بے لاگ طور پر سوچے اور غیر جانبدارانہ انداز میں اپنی رائے قائم کرسکے۔ یہی وجہ ہے کہ تقویٰ کو علم صحیح کا ذریعہ بتایا گیا ہے۔

# جنت کا مسافر

خدا کا مطالبہ یہ ہے کہ بندہ اپنے تمام اثاثہ کو خدا کے حوالے کر دے۔ اس کے معاوضہ میں خدا نے آخرت میں اپنی جنت کا وعدہ کیا ہے (التوبہ، 9:111)۔

آدمی اکثر اپنے آپ کو بچا کر رکھتا ہے اور اس کے جواب میں دشواریوں کی ایک فہرست پیش کر دیتا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہی دشواریاں وہ قیمتی مواقع ہیں جن کو عذر نہ بنا کر وہ اپنے رب کو خوش کر سکتا ہے۔ آدمی جن مسائل کی بنا پر اللہ کی طرف بڑھنے سے رکتا ہے، وہی دراصل اس کے لیے ابدی جنت میں ترقی کے زینے ہوتے ہیں۔ وہ دشواریاں اس لیے نہیں ہیں کہ آدمی ان کو دیکھ کر رک جائے، وہ اس لیے ہیں تاکہ آدمی ان کی پرواہ کیے بغیر جنت کے لیے آگے بڑھے۔ وہ ان کو خدا تک پہنچنے کا زینہ بنائے۔

خدا کے نزدیک اس کا سب سے محبوب بندہ وہ ہے جو اپنی تمناؤں کو خدا کے لیے دفن کر دے۔ جو اپنے آرام کو اس کی خاطر چھوڑ دے۔ جو اپنی مشکلات کو نظر انداز کر کے اس کی طرف بڑھ جائے۔ کسی انسان کے لیے حقیقی کامیابی یہ نہیں ہے کہ وہ اس دنیا میں کچھ حاصل کر لے، کامیاب دراصل وہ ہے جو خدا کی راہ میں اپنا سب کچھ پیش کر دے۔

سب سے زیادہ صحت مند وہ ہے جس کی صحت خدا کی راہ میں برباد ہوگئی ہو۔ سب سے زیادہ صاحب مال وہ ہے جو خدا کی خاطر بے مال ہو جائے۔ سب سے زیادہ بلند مرتبہ وہ ہے جو خدا کے لیے بے مرتبہ ہو گیا ہو۔ سب سے زیادہ خوش نصیب وہ شخص ہے جو اس دنیا کے اندر اپنے رب کی خاطر بالکل لٹا ہوا ہو، پھر وہ اس کے پاس پہنچے۔ کیوں کہ اس کا رب اپنی رحمتوں کو اس کے اوپر انڈیل دے گا۔ اس حقیقت کو صحابی رسول ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے کہ دنیا سے زہد (بے رغبتی) یہ ہے کہ جو کچھ تمہارے ہاتھ میں ہے اس سے زیادہ بھروسہ تم کو اس پر ہو جو اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اور جب تم پر کوئی مصیبت آئے تو ثواب کی بنا پر اس کا باقی رہنا تمہارے لیے زیادہ پسندیدہ بن جائے (سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 4100)۔

# سفرِ معرفت

انسان کے ذہن میں پیدائش کے بعد شعوری یا غیر شعوری طور پر سب سے پہلے جو خیال آتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ انسان کا خالق کون ہے۔ اسی تصور کو لے کر تقریباً پانچ ہزار سال پہلے فلسفیانہ غور وفکر کا آغاز ہوا۔ تاریخ بتاتی ہے کہ دنیا کے تمام بڑے بڑے دماغ اس غور وفکر میں مشغول ہوئے۔ لیکن عجیب بات ہے کہ فلسفیانہ غور وفکر کسی فلسفی کو اپنے سوال کے جواب تک نہ پہنچا سکا۔ برطانی فلسفی برٹرینڈ رسل (1872–1970ء) ایک مشہور فلسفی تھا۔ وہ اپنی ساری عمر اس موضوع کے مطالعے میں مشغول رہا۔ مگر ساری عمر کے مطالعے کے باوجود اس کو اپنے سوال کا جواب نہیں ملا۔ اس کے ایک کمنٹیٹر نے اس کے بارے میں درست طور پر لکھا ہے:

“Bertrand Russell was a philosopher of no philosophy.”

حقیقت یہ ہے کہ یہ بات تمام فلسفیوں کے بارے میں درست ہے۔ ہر فلسفی عملاً فلاسفر آف نو فلاسفی تھا۔ ہر فلسفی کا موضوع یہ تھا کہ وہ سچائی کیا ہے، اس سوال کا جواب فلسفیانہ فریم ورک میں معلوم کرے۔ مگر کوئی بھی فلسفی اپنی اس تلاش میں کامیاب نہیں ہوا۔ سچائی کا فلسفیانہ جواب ہزاروں سال کے تلاش کے باوجود نامعلوم رہا۔

ایسا کیوں ہوا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ انسان نے سوال کو تو جانا۔ لیکن وہ اس سے بے خبر رہا کہ اس سوال کا جواب پانے کے لیے صحیح طریقِ مطالعہ (methodology) کیا ہے۔ حالاں کہ جتنی اہمیت کسی سوال کی ہے۔ اتنی ہی اہمیت اس سوال کا جواب پانے کے لیے صحیح طریقِ مطالعہ (methodology) کی ہے۔

راقم الحروف کو اس سوال کا جواب قرآن میں ملا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام کے ذریعے اللہ رب العالمین نے اس میتھڈالوجی کو اشارہ کی زبان میں بتا دیا تھا۔ لیکن کوئی عالم یا فلسفی اس کو متعین طور پر جان نہ سکا۔ قرآن کا جواب سورہ الاعراف میں اس طرح ملتا ہے۔ پیغمبر موسیٰ مصر سے نکلنے کے بعد جب صحرائے سینا میں پہنچے تو وہاں ماؤنٹ سینائی (Mount Sinai)

کے مقام پر ان پر ایک تجربہ گزرا۔ پیغمبر موسیٰ کے اوپر یہ تجربہ ایک اندازے کے مطابق پندرھویں صدی قبل مسیح کے نصف ثانی میں گزرا۔ اس واقعے کا ذکر قرآن میں ان الفاظ میں آیا ہے:

وَلَمَّا جَاءَ مُوسَى لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهُ رَبُّهُ قَالَ رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرَانِي وَلَكِنِ انْظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي فَلَمَّا تَجَلَّى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوسَى صَعِقًا فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ (7:143)۔ یعنی اور جب موسیٰ ہمارے وقت پر آ گیا اور اس کے رب نے اس سے کلام کیا تو اس نے کہا، مجھے اپنے کو دکھا دے کہ میں تجھ کو دیکھوں۔ فرمایا، تم مجھ کو ہر گز نہیں دیکھ سکتے۔ البتہ پہاڑ کی طرف دیکھو، اگر وہ اپنی جگہ قائم رہ جائے تو تم بھی مجھ کو دیکھ سکو گے۔ پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر اپنی تجلی ڈالی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا، اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ پھر جب ہوش آیا تو بولا، تو پاک ہے، میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔

پیغمبر موسیٰ کے اس تجربے میں ایک علمی حقیقت کو بتایا گیا ہے۔ وہ یہ کہ انسان موجودہ دنیا میں خدا کو براہ راست طور پر نہیں دیکھ سکتا۔ اللہ رب العالمین کو دیکھنے کی صورت صرف ایک ہے۔ وہ یہ کہ انسان مخلوقات میں غور وفکر کرکے استنباط (inference) کے ذریعہ اس کے خالق کی دریافت کرے۔ یہی وہ نکتہ ہے، جس کی وجہ سے علم حقیقت کا سفر اپنی منزل تک نہ پہنچ سکا۔ خالق اور مخلوق دونوں ایک نہیں ہیں، بلکہ دونوں مکمل طور پر ایک دوسرے سے الگ ہیں۔ لہٰذا اس معاملے میں صحیح میتھڈالوجی صرف یہ ہے کہ انسان پہلے یہ دریافت کرے کہ خالق اور مخلوق دونوں الگ الگ ہیں، اور پھر مخلوق یعنی کائناتی نشانیوں میں غور وفکر کرکے بذریعہ استنباط خالق کو دریافت کرے۔ مگر یہاں یہ واقعہ انسان کے لیے ایک رکاوٹ بنا رہا کہ اس کو یہ طریقہ معلوم نہ تھا کہ وہ خالق کو الگ کرکے مخلوق کو کس طرح دریافت کرے۔

یہ ڈی لنکنگ (delinking) کا معاملہ تھا۔ یعنی ضرورت تھی کہ انسان خالق کا مطالعہ اور مخلوق کے مطالعہ کو ایک دوسرے سے ڈی لنک کرے۔ مگر انسان کو قدیم زمانے میں یہ معلوم نہ تھا کہ وہ ڈی لنکنگ کی پالیسی کو عملاً کس طرح اختیار کرے۔ یہ واقعہ اٹلی کے سائنس داں گلیلیو گلیلی

(وفات 1642ء) نے انجام دیا۔ جرمن سائنس داں البرٹ آئنسٹین (1955-1879ء) نے درست طور پر لکھا ہے کہ گلیلیو جدید سائنس کا بانی تھا:

“Galileo was the father of modern science.”

آئنسٹین کی اس بات کا مطلب یہ ہے کہ گلیلیو سے پہلے سائنس بیک وقت دو قسم کے خیالات میں الجھی ہوئی تھی۔ یعنی حقیقت کا قابل مشاہدہ پہلو (observable aspect) اور نا قابل مشاہدہ پہلو (non-observable aspect)۔ دوسرے لفظوں میں کیفیاتی (qualitative) پہلو اور کمیاتی (quantitative) پہلو۔ گلیلیو نے دونوں کو ایک دوسرے سے ڈی لنک کر دیا۔ نا قابل مشاہدہ پہلو کو فلسفیانہ تلاش کے خانے میں رکھا، اور قابل مشاہدہ پہلو کو سائنس کی تلاش کے دائرے میں ڈال دیا۔ اس سے پہلے سائنس کا سفر گویا کہ ایک بند دروازے میں رکا ہوا تھا، گلیلیو نے اس بند دروازے کو کھول دیا۔

گلیلیو اس دریافت تک کس طرح پہنچا۔ اس کا بھی ایک سبب تھا۔ گلیلیو کے زمانے میں دوربین (telescope) ابتدائی طور پر دریافت ہوئی۔ گلیلیو نے پہلی بار 1610ء میں اس کے ذریعے سیاروں کی گردش کا براہ راست مطالعہ کیا۔ اس طرح شمسی نظام (solar system) کا براہ راست مطالعہ کا آغاز ہوا۔ اسی کے ساتھ سائنس کا ایک نیا دور شروع ہو گیا، جس میں پوری فیزیکل ورلڈ ایک قابل مطالعہ چیز بن گئی۔

اس اعتبار سے گلیلیو نہ صرف فادر آف ماڈرن سائنس ہے، بلکہ وہ بالواسطہ طور پر فادر آف ماڈرن علم کلام بھی ہے۔ کیوں کہ گلیلیو سے پہلے علم کلام صرف ٹکنکل بحثوں میں الجھا ہوا تھا، وہ کسی حقیقت کو دریافت نہیں کر پایا تھا۔ لیکن گلیلیو کے بعد یہ ممکن ہو گیا کہ علم کلام کو ایک نئے دور میں پہنچایا جا سکے، یعنی وہ دور جس کو قرآن میں تبیین حق کا دور بتایا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں قرآن کی متعلقہ آیت (41:53) کا ترجمہ یہ ہے: عنقریب ہم ان کو اپنی نشانیاں دکھائیں گے آفاق میں بھی اور خود ان کے اندر بھی۔ یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ یہ حق ہے۔ (علم کلام کی تفصیل کے لیے دیکھیے، ماہنامہ الرسالہ، اپریل 1978، بعنوان: علم کلام کی حقیقت)۔

جدید سائنسی دور سے پہلے انسان کائناتی نشانیوں کے بارے میں بہت کم جانتا تھا۔ چنانچہ قدیم

زمانے میں معرفت اعلیٰ تک پہنچنے کے لیے فریم ورک ہی موجود نہ تھا۔ موجودہ زمانے میں سائنسی انقلاب کے بعد انسان کو اعلیٰ فریم ورک حاصل ہوا۔ اسی انقلاب کا یہ نتیجہ ہے کہ بیسویں صدی میں علم الٰہیات میں بہت سے نہایت قابل قدر کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے ایک نمائندہ کتاب وہ ہے، جس کا عربی ترجمہ اس معنی خیز عنوان کے ساتھ چھپا ہے— اللّٰہ یتجلی فی عصر العلم (مترجم الدکتور الدمرداش عبدالمجید سرحان)۔ اصل کتاب کا انگریزی ٹائٹل حسبِ ذیل ہے:

"The Evidence of God in an Expanding Universe."

اس اعتبار سے غالباً یہ کہنا صحیح ہوگا کہ علم الٰہیات یا علم کلام کے معاملے میں گلیلیو گلیلی کا کارنامہ ایک تائیدی کارنامہ ہے۔ غالباً اسی تائید کا ذکر حدیث میں ان الفاظ میں آیا ہے: إِنَّ اللَّهَ لَيُؤَيِّدُ هَذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الفَاجِرِ (مسند الشہاب القضاعی، حدیث نمبر 1096)۔ یعنی اللہ تعالیٰ ضرور اس دین کی تائید فاجر انسان کے ذریعہ کرے گا۔

میرا قیاس ہے کہ یہاں "الرجل الفاجر" سے مراد سیکولر انسان ہے، اور یہ سیکولر انسان غالباً گلیلیو گلیلی تھا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ گلیلیو گلیلی کی اس دریافت کے بعد بیک وقت علم کے دو دروازے کھلے۔ ایک دروازہ تھا فیزیکل سائنس کا ڈیولپمنٹ، اور دوسرا دروازہ تھا علم الٰہیات کا دروازہ، جو اس سے پہلے کلامی موشگافیوں میں پھنسا ہوا تھا۔ اس کو ایک تسلیم شدہ علمی بنیاد حاصل ہوئی۔ اس کے بعد یہ ممکن ہوگیا کہ اس علمی بنیاد کو استعمال کرکے علم الٰہیات کو دورِ جدید میں نئی طاقت کے ساتھ مرتب کیا جاسکے۔

توحید کا آغاز معرفت (realisation) سے ہوتا ہے۔ یعنی کائناتی نشانیوں میں تدبر وتفکر کرکے خدا کو خالق ومالک کی حیثیت سے دریافت کرنا۔ قرآن کی دوسری آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کی نشانیاں (signs) اتنی زیادہ ہیں کہ ان کی کوئی گنتی نہیں ہوسکتی۔ یہی وہ لامحدود کائناتی نشانیاں ہیں جن پر تدبر کرکے انسان اپنے رب کی معرفت حاصل کرتا ہے۔ یہ تدبر پہلے روایتی فریم ورک میں کیا جاتا تھا۔ گلیلیو کے بعد تدبر کا یہ عمل سائنسی فریم ورک میں کرنا ممکن ہوگیا ہے۔ اس طرح آج ایک انسان کے لیے یہ بات اعلیٰ پیمانے پر ممکن ہوچکی ہے کہ وہ اللہ کی بے پایاں عظمت کو دریافت کرکے اس کے آگے جھک جائے۔

# مطالعۂ حدیث

## شرح مشکاۃ المصابیح

(حدیث نمبر 109-96)

96

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور اس وقت آپ کے ہاتھ میں دو کتابیں تھیں۔ آپ نے کہا کہ کیا تم جانتے ہو یہ دو کتابیں کیا ہیں۔ ہم نے کہا کہ نہیں اے خدا کے رسول، اِلّا یہ کہ آپ ہمیں بتائیں۔ پھر آپ نے داہنے ہاتھ والی کتاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ یہ ایک کتاب ہے جو رب العالمین کی طرف سے ہے۔ اس میں اہلِ جنت کے نام ہیں، ان کے باپوں کے نام اور ان کے قبیلوں کے نام ہیں۔ پھر ان کی کل تعداد آخر میں درج کردی ہے، اب ان میں نہ کبھی زیادتی ہوگی اور نہ کمی۔ پھر آپ نے بائیں ہاتھ والی کتاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ یہ ایک کتاب ہے جو رب العالمین کی طرف سے ہے۔ اس میں اہلِ دوزخ کے نام ہیں، اس میں باپوں کے نام اور ان کے قبیلوں کے نام ہیں۔ پھر ان کی کل تعداد آخر میں درج کردی ہے۔ اب ان میں نہ کبھی زیادتی ہوگی اور نہ کمی۔ پھر آپ کے اصحاب نے کہا کہ اے خدا کے رسول۔ پھر کس چیز میں عمل، اگر سب کچھ ہو چکا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اعتدال کے ساتھ سیدھی راہ پر چلنے کی کوشش کرتے رہو (سَدِّدُوا وَقَارِبُوا)۔ کیوں کہ جو شخص جنت کا اہل ہے اس کا خاتمہ جنت والوں جیسے عمل پر ہی ہوگا اگرچہ وہ کوئی بھی عمل کرے۔ اور جو شخص دوزخ کا اہل ہے۔ اس کا خاتمہ دوزخ والوں جیسے عمل پر ہی ہوگا اگرچہ وہ کوئی بھی عمل کرے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی طرف اشارہ کیا اور دونوں کو ایک طرف ڈال دیا۔ پھر آپ نے فرمایا: تمہارا رب اپنے بندوں سے فارغ ہو چکا، ایک گروہ جنت میں اور ایک گروہ دوزخ میں (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2141)۔

حدیث کے یہ الفاظ (سَدِّدُوا وَقَارِبُوا) بتاتے ہیں کہ حدیث کا مطلب کیا ہے — اعتدال کے ساتھ سیدھی راہ پر چلنے کی کوشش کرتے رہو۔ یہی صابرانہ روش ہے۔ یہ کسی آدمی کے سنجیدہ مزاج

ہونے کی ایک علامت ہے۔ اس کا تعلق کسی ایک معاملے سے نہیں ہے بلکہ زندگی کے تمام معاملات سے اس کا تعلق ہے۔ جو آدمی اپنے قول وفعل میں اعتدال پر قائم رہے، وہ اس بات کا ثبوت دیتا ہے کہ وہ جذباتیت سے پاک ہے۔ وہ جب بولتا ہے تو سوچ کر بولتا ہے اور جب کرتا ہے تو وہ سوچ سمجھ کر کرتا ہے، وہ سطحیت پسندی (superficiality) سے پاک ہے۔ اس کا کردار اس کی عقل کے تابع ہوتا ہے، نہ کہ اس کے جذبات کے تابع۔ ایسا ہی انسان اپنے مقصد میں کامیاب ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو یہ نصیحت کی تھی کہ خود کو راہ راست پر رکھو، بے اعتدالی سے بچو، صبح وشام کی عبادت کرو، اور رات کے کچھ حصے میں۔ میانہ روی اختیار کرو، میانہ روی (moderation) تم منزل تک پہنچ جاؤ گے (صحیح البخاری، حدیث نمبر 6463)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں موجود مذکورہ کتاب میں درج ناموں سے مراد غالباً ذاتی نام نہیں ہیں بلکہ صفاتی نام ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جنت اور جہنم کا فیصلہ جن صفات (اصول) پر کیا جانا مقدر ہے انھیں صفات پر اس کا فیصلہ ہوگا۔ کسی اور صفت یا کسی اور نسبت کی بنیاد پر کسی کے لیے جنت یا جہنم کا فیصلہ ہونے والا نہیں۔ اب اس معاملہ میں اللہ کا فیصلہ بدلنے والا نہیں۔ چنانچہ جو انسان پوری سنجیدگی اور اعتدال کے ساتھ ان صفات کو اپنانے کی کوشش کرے گا، اس کے بارے میں امید ہے کہ وہ ضرور اللہ کی نصرت اور رحمت سے جنت کا مستحق قرار پائے گا۔

97

ابوخزامہ تابعی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اے خدا کے رسول، وہ جھاڑ پھونک جو ہم کراتے ہیں اور دوا جس کے ذریعہ ہم علاج کرتے ہیں اور حفاظتی اسباب جس سے ہم اپنا بچاؤ کرتے ہیں، کیا یہ اللہ کی تقدیر کو کچھ بدل دیتی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ خود اللہ کی تقدیر سے ہیں (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2065، سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 3437)۔

حدیث کے آخری الفاظ (هِيَ مِنْ قَدَرِ اللَّه) سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ قسم کی حدیثوں کا مطلب اسبابِ دنیا کو اختیار کرنے سے روکنا نہیں ہے۔ کیوں کہ اس کے مطابق، خود اسباب میں

تاثیر (effect) بھی خدا کی مقدر کی ہوئی ہے، وہ ان اشیا کی ذاتی صفت نہیں۔

98

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف آئے اور ہم تقدیر کے مسئلہ پر بحث کررہے تھے۔ آپ غضبناک ہوگئے، یہاں تک کہ آپ کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ گویا کہ آپ کے رخساروں پر انار کے دانے نچوڑ دیے گئے ہوں۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا تم لوگوں کو اسی کا حکم دیا گیا ہے، کیا میں اسی کے ساتھ تمہارے پاس بھیجا گیا ہوں۔ تم سے پہلے کے لوگ تباہ کردیے گئے جب کہ انھوں نے اس معاملے میں بحث کی۔ میں نے تمہارے اوپر لازم کیا کہ تم اس معاملے میں بحث نہ کرو (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2133)۔

تقدیر کا مسئلہ ایک بے حد نازک مسئلہ ہے۔ الٰہیات کے میدان میں قدیم زمانے سے یہ بحث جاری ہے کہ اِس دنیا میں انسان آزاد ہے، یا مجبور۔ بظاہر انسان اِس دنیا میں اپنے آپ کو آزاد پاتا ہے، لیکن جب خدا قادرِ مطلق ہے تو یہ بات ناقابلِ قیاس معلوم ہوتی ہے کہ خدا کی قدرتِ کاملہ کے درمیان انسان کو خود مختاری حاصل ہو۔ اِس تصور پر بہت زیادہ لکھا گیا ہے۔ اردو شاعر میر تقی میر (وفات 1810ء) نے اِسی بات کو اِس طرح نظم کیا ہے:

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی　　چاہتے ہیں سو آپ کرے ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا

مگر یہ اعتراض ایک غیر معقول اعتراض ہے۔ کیوں کہ خدا کو اگر ہر قسم کا اختیار حاصل ہے تو اُس کو یقیناً یہ بھی اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی مقام پر اپنی قدرت کو محدود کرلے۔ اصل یہ ہے کہ انسان اپنی حقیقت کے اعتبار سے اللہ رب العالمین کے آگے مکمل طور پر مجبور مخلوق ہے۔ مگر اللہ تعالی نے اپنے منصوبۂ تخلیق کے تحت اپنی قدرت کو وقتی طور پر محدود کرلیا ہے، اور اس صفتِ اختیار (قدرت) کا ایک شمہ (iota) انسان کو محدود مدت کے لیے بطور عطیہ دے دیا ہے۔ موت گویا اس صفتِ اختیار کے خاتمہ کا اعلان ہے۔

یہ عطیہ ٹسٹ (test) کے لیے ہے۔ یعنی انسان اگر اپنے اختیار کا غلط استعمال (misuse) کرے تو اس کی پکڑ ہوگی، لیکن اگر وہ اختیار کا درست استعمال کرے تو اس کو انعام ملے گا۔ اسی کے

ساتھ انسان کو قلیل علم دیا گیا ہے (الاسراء، 17:85)۔ اپنی اس محدودیت کی بنا پر انسانوں کے لیے تقدیر کی تفصیلی تہہ تک پہنچنا ممکن نہیں ہے۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ وہ اس معاملے میں اجمالی علم پر قناعت کرے۔ اس معاملہ میں کلی علم کا حصول اس کے لیے ممکن نہیں۔

یہ قیاس بظاہر ایک نظری قیاس ہے۔ بلیک ہول کی دریافت نے اِس قیاس کے لیے مظاہراتی سطح پر ایک عملی تصدیق فراہم کردی۔ بلیک ہول کا نظریہ تقدیر کے معاملے میں انسانی علم کی محدودیت کو قابلِ فہم بنا رہا ہے۔ ایمسٹرڈم (نیدرلینڈس) میں ماہرینِ طبیعیات (physicists) کی ایک انٹرنیشنل کانفرنس ہوئی۔ اِس موقع پر فزکس کا نوبل پرائز (1980ء) پانے والے ایک سائنس داں مسٹر جیمس واٹسن (James Watson Cronin, 1931-2016) نے اپنے مقالے میں بتایا کہ ہماری کائنات کا 96 فی صد حصہ سیاہ مادّہ (dark matter) پر مشتمل ہے۔ اُس کی روشنی یا ریڈی ایشن ہم تک نہیں پہنچتا، اِس لیے ہم اُس کو براہِ راست طور پر دیکھ نہیں پاتے:

''Dark matter can not be detected directly, because it does not emit or reflect light or radiation.''

جیمس واٹسن نے مزید کہا کہ — ہم سمجھتے ہیں کہ ہم کائنات کو جانتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ ہم ہر چیز کے صرف 4 فی صد حصے کو جان سکتے ہیں:

''We think we understand the universe, but we only understand four percent of everything.'' (*The Times of India*, September 23, 2007, p. 20)

بلیک ہول کا نظریہ تقدیر کے مسئلے میں انسانی علم کی محدودیت کو قابلِ فہم بنا رہا ہے۔

99

ابن ماجہ نے بھی اسی طرح کی روایت عمرو بن شعیب سے، انھوں نے اپنے والد سے، انھوں نے اپنے دادا سے نقل کی ہے (سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 85)۔

100

ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا: اللہ نے آدم کو مٹھی بھر خاک سے پیدا کیا۔ اس کو اللہ نے ساری زمین سے لیا تھا۔ پس آدم کی

اولاد زمین کے اندازے پر ہوئی۔ ان میں سے کچھ سرخ ہیں اور کچھ سفید اور کچھ کالے اور کچھ درمیانی۔ اور کچھ نرم اور کچھ سخت اور کچھ ناپاک اور کچھ پاک (مسند احمد، حدیث نمبر 19642؛ سنن الترمذی، حدیث نمبر 2955؛ سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 4693)۔

انسانی جسم کے ترکیبی اجزاء عین وہی ہیں جو سیارۂ زمین کے ترکیبی اجزاء ہیں۔ البتہ انسان کے اندر جو روح ہے وہ غیر زمینی یا غیر ماڈی ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے آپ کو اپنے ماڈی وجود سے اوپر اٹھائے اور اپنے آپ کو ایک غیر مادی وجود کی حیثیت سے ترقی دینے کی کوشش کرے۔ وہ اپنی روح کو اپنی اصل ہستی سمجھے اور اپنے جسم کو صرف ایک وقتی قیام گاہ کا درجہ دے۔

101

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا: ’’اللہ نے اپنی مخلوق کو ایک تاریکی میں پیدا کیا۔ پھر ان کے اوپر اپنے نور کا ایک حصہ ڈال دیا۔ پھر جس نے اس نور میں سے پایا وہ ہدایت یاب ہوا۔ اور جس نے اس کو نہیں پایا وہ گمراہ ہو گیا‘‘۔ اسی بنا پر میں (عبداللہ بن عمرو) یہ کہتا ہوں کہ اللہ کے علم پر قلم سوکھ گیا ہے (مسند احمد، حدیث نمبر 6644؛ سنن الترمذی، حدیث نمبر 2642)۔

اس حدیث میں تمثیلی زبان میں یہ بتایا گیا ہے کہ انسان کے جسمانی وجود کی بقا کے لیے وہ اسباب کافی ہیں جو زمین پر پائے جاتے ہیں۔ مگر انسان کے روحانی وجود کی بقا اور ارتقا صرف اس وقت ممکن ہے جب کہ اس کو خدا کے فیض سے خصوصی ربانی حصہ ملے۔ ’’اللہ کے علم پر قلم سوکھ گیا ہے‘‘۔ یعنی اللہ کے علم کی بنیاد پر قلم کو جو کائناتی منصوبہ لکھنا تھا، وہ اس نے اللہ کے حکم سے لکھ دیا ہے، اب اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ اس حقیقت کو قرآن میں اس طرح بیان کیا گیا ہے — اللہ کی باتوں میں کوئی تبدیلی نہیں (10:64)۔

102

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ کہتے تھے: ’’يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ‘‘ (اے دلوں کے پھیرنے والے، میرے دل کو اپنے دین پر

جمادے )۔ میں نے کہا کہ اے خدا کے رسول، ہم آپ پر ایمان لائے اور جو کچھ آپ لے آئے اس پر۔ پھر کیا آپ ہمارے اوپر اندیشہ کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ لوگوں کے دل خدا کی انگلیوں کے درمیان ہیں۔ وہ ان کو الٹتا پلٹتا ہے جیسا کہ وہ چاہتا ہے (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2140؛ سنن ابن ماجہ 3834)۔

موجودہ دنیا میں انسان کو مکمل طور پر ایک آزاد مخلوق کی حیثیت سے پیدا کیا گیا ہے مگر اسی کے ساتھ دوسری حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنی صلاحیت کے اعتبار سے آخری حد تک ایک عاجز مخلوق ہے۔ اس عجز کی بنا پر ہر وقت اس کے لیے اندیشہ ہے کہ کوئی بھی چیز اس کو حق سے ہٹا دے۔ یہی عجز کا احساس آدمی کو مجبور کرتا ہے کہ وہ خدا سے بار بار حق پر ثابت قدمی کی دعا کرتا رہے۔

اس حقیقت کو ایک دوسری حدیثِ رسول میں اس طرح بیان کیا گیا ہے: عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: سَدِّدُوا، وَقَارِبُوا، وَأَبْشِرُوا، فَإِنَّهُ لَا يُدْخِلُ أَحَدًا الْجَنَّةَ عَمَلُهُ قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللَّهُ بِمَغْفِرَةٍ وَرَحْمَةٍ (صحیح البخاری، حدیث نمبر 6467)۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنا رویہ درست رکھو اور میانہ روی پر قائم رہو اور پُر امید رہو، کیوں کہ کسی بھی شخص کو اُس کا عمل جنت میں داخل نہیں کرے گا۔ لوگوں نے کہا کہ کیا آپ کو بھی نہیں اے خدا کے رسول، آپ نے فرمایا کہ ہاں مجھ کو بھی نہیں، الا یہ کہ اللہ مجھ کو اپنی مغفرت اور رحمت سے ڈھانپ لے۔

ان دونوں حدیثوں کو ملا کر پڑھا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ کی رحمت اور مغفرت کے حصول کے لیے اپنی کوشش کے ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے ثابت قدمی کی دعا کرتے رہنا چاہیے۔

103

ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دل کی مثال ایسے پر (feather) کی ہے جو ایک کھلے میدان میں ہو۔ اس کو ہوائیں اوپر نیچے الٹ پلٹ کر رہی ہوں (مسند احمد، حدیث نمبر 19758)۔

انسان اگر اپنے وجود اور اس اتھاہ کائنات کے درمیان تقابلی غور وفکر کرے تو اس کو یہ معلوم

ہوگا کہ لامحدود طور پر وسیع کائنات میں اس کی حیثیت ایک انتہائی عاجز مخلوق کی ہے۔ اسی طرح فکری اعتبار سے بھی وہ بے حد کمزور ہے۔ یعنی ہر لمحہ وہ شیطان کے حملوں کے نشانہ پر رہتا ہے۔ ایسی حالت میں وہی انسان شیطان کے فتنوں سے بچ سکتا ہے جس کا شعور پوری طرح زندہ ہو اور اسی کے ساتھ وہ مسلسل خدا سے اس کی مدد مانگتا رہے۔

104

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص مومن نہیں بن سکتا جب تک وہ چار چیزوں پر ایمان نہ لائے۔ وہ گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا پیغمبر ہوں اس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ اور وہ ایمان لائے موت پر اور موت کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر اور وہ ایمان لائے تقدیر پر (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2145؛ سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 81)۔

ایمان یہ ہے کہ آدمی دل سے یہ یقین کرے کہ زندگی کے سوالات کا صحیح جواب صرف وہ ہے جو خدا کے نزدیک ان کا صحیح جواب ہے۔ اور یہ جواب انسان کو خدا کے پیغمبر کے واسطہ سے ملتا ہے، نہ کہ براہِ راست۔ قرآن اس سلسلے میں گائڈ بُک کی حیثیت رکھتا ہے۔ قرآن میں خدا کی مطلوب زندگی کے بنیادی اصول بتا دیے گئے ہیں، اور حدیث میں اس کی تفصیل موجود ہے۔

105

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں دو قسم کے لوگ وہ ہیں جن کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں — مرجیہ اور قدریہ (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2149)۔

مرجیہ سے مراد جبریہ ہیں، یعنی وہ لوگ ہیں جو بندے کو مجبور محض مانیں، یعنی جو کام بھی انسان کرتا ہے وہ اللہ کی قدرت کے تحت کرتا ہے، اس میں بندے کا کوئی اختیار شامل نہیں ہوتا۔ اس کے مقابلے میں قدریہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو یہ مانیں کہ انسان اپنے ہر فعل کا خالق خود ہے، وہ ہر فعل خود اپنی قدرت سے کرتا ہے، اس میں اللہ کی قدرت کا کوئی دخل نہیں ہے۔ یہ دونوں نظریات انتہا پسندی

پر مبنی ہیں۔ پہلا نظریہ جبر میں انتہا پسندی کی پیداوار ہے اور دوسرا نظریہ اختیار میں انتہا پسندی کا۔ جب کہ اصل حقیقت ان دونوں کے درمیان ہے۔ اسی انتہا پسندی کا نام غلو ہے، اور غلو آدمی کو خدا کے دین سے ہٹا کر خود ساختہ دین پر کھڑا کر دیتا ہے۔

106

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا: میری امت میں بھی خسف ( زمین میں دھنسنا) اور مسخ ( صورت کا بگڑ جانا) ہوگا۔ اور یہ ان لوگوں پر ہوگا جو تقدیر کو جھٹلائیں ( سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 4613؛ سنن الترمذی، حدیث نمبر 2152)۔

تقدیر کو جھٹلانا اتنا بڑا جرم اس لیے ہے کہ ایسا آدمی گویا خدا کی قدرت اور اس کے علم کا انکار کرتا ہے۔ وہ خدا کو مانتے ہوئے خدا کو اس کا حقیقی درجہ نہیں دیتا۔

107

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قدریہ اس امت کے مجوس ہیں۔ پس اگر وہ بیمار ہوں تو ان کی عیادت کو مت جاؤ، اور اگر مریں تو ان کے جنازہ میں شرکت نہ کرو ( مسند احمد، حدیث نمبر 5584؛ سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 4691)۔

قدریہ وہ لوگ ہیں جو یہ عقیدہ رکھیں کہ بندہ اپنا ہر عمل خود اپنی قدرت سے کرتا ہے، خدا کی قدرت کا اس میں کوئی دخل نہیں۔ ایسے لوگوں کی مشابہت مجوسیوں (Zoroastrians) سے یہ ہے کہ مجوس خدا کے وجود کو دو ذات میں تقسیم کرتے ہیں۔ اسی طرح مذکورہ عقیدہ رکھنے والے لوگ گویا خدا کو اس کی قدرت سے الگ کررہے ہیں۔ گویا کہ وہ دو قادر مان رہے ہیں، ایک خدا اور دوسرے انسان۔

108

عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اہل قدر کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا نہ رکھو اور نہ ان کے ساتھ کلام کرو ( سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 4710)۔

اہلِ قدر سے مراد وہ لوگ ہیں جو تقدیرِ الٰہی کے منکر ہیں، اور تقدیر کے انمسائل میں بہت زیادہ غور وفکر کرتے ہیں، جو علم قلیل ( الاسراء، 17:85) کی حد سے باہر ہیں۔ ایسے لوگوں سے ملنے

جلنے اور بات کرنے میں یہ اندیشہ ہے کہ آدمی ذہنی انتشار (confusion) میں مبتلا ہوجائے اس لیے اس سے منع فرمایا۔ تاہم جولوگ علمی صلاحیت رکھتے ہوں وہ اصلاحی مقصد کے تحت ایسے لوگوں سے ملیں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

109

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھ آدمی ایسے ہیں جن پر میں لعنت کرتا ہوں اور اللہ نے بھی ان پر لعنت کی ہے، اور ہر نبی کی دعا قبول ہوتی ہے۔ اللہ کی کتاب میں (اپنی طرف سے) اضافہ کرنے والا، اللہ کی تقدیر کو جھٹلانے والا، طاقت کے زور پر غلبہ حاصل کرنے والا تا کہ وہ اس شخص کو عزت دے جس کو اللہ نے (اس کی سرکشی کی وجہ سے) ذلیل کیا ہے اور وہ اس شخص کو ذلیل کرے جس کو اللہ نے عزت دی ہے۔ اور اللہ کے حرام کو حلال کرنے والا، اور میری آل کے متعلق وہ باتیں حلال سمجھنے والا جنھیں اللہ نے حرام کیا۔ اور میری سنت سے منہ موڑنے والا (المدخل الی علم السنن للبیہقی، حدیث نمبر 146؛ السنۃ لابن ابی عاصم، حدیث نمبر 337)۔

اس حدیث میں جن کاموں کا ذکر ہے وہ سب سرکشی کی نوعیت کے جرم ہیں اور سرکشی بلاشبہ خدا اور رسول کے نزدیک سب سے زیادہ سنگین جرم کی حیثیت رکھتی ہے۔ عام قسم کا جرم کسی نہ کسی بشری کمزوری کے زیر اثر ہوتا ہے۔ مگر سرکشی انانیت کے جذبہ کے تحت کیا جانے والا ایک فعل ہے، اور انانیت یا تکبر بلاشبہ خدا کی اس دنیا میں کسی انسان کا سب سے بڑا جرم ہے۔

اصل یہ ہے کہ موجودہ دنیا کو خدا نے ٹسٹ (امتحان) کے لیے بنایا ہے۔ اسی ٹسٹ کی مصلحت کی بنا پر خدا نے انسان کو پوری آزادی عطا فرمائی ہے۔ کیوں کہ آزادی کے بغیر ٹسٹ ممکن نہیں۔ یہ ٹسٹ کس بات کا ہے۔ یہ ٹسٹ اِس بات کا ہے کہ انسان حقیقت پسندی کا رویّہ اختیار کرے، وہ آزادی کے باوجود اپنے آپ کو بے آزاد کرلے۔ وہ آزادی کے باوجود اپنے آپ کو خدا کے کنٹرول میں دے دے۔ وہ اختیار رکھنے کے باوجود اپنے آپ کو بے اختیار کرلے۔ یعنی آزادی کے باوجود اپنے اختیار سے خدا کے آگے جھک جانا۔ خدا کا اصل مطلوب دین یہی آزادانہ سرینڈر ہے۔ جو شخص اس طرح آزاد ہوتے ہوئے خدا کے آگے سرینڈر کرے وہ موت کے بعد کی ابدی زندگی میں جنت کا انعام پائے گا اور جو شخص ایسا نہ کرے وہ موت کے بعد کی زندگی میں جہنم میں داخل ہوگا۔

# انتہا پسندی

انتہا پسندی (extremism) ایک فطری صفت ہے۔ یہ صفت کسی شخص کے اندر کم ہوتی ہے اور کسی شخص کے اندر زیادہ۔ اس صفت کا تعمیری استعمال دنیا میں بھلائی پیدا کرتا ہے۔ اس کے برعکس جب اس صفت کا غلط استعمال ہونے لگے تو دنیا برائی سے بھر جاتی ہے۔ یعنی انتہا پسندانہ مزاج کا ایک تعمیری پہلو ہے اور دوسرا اس کا تخریبی پہلو۔ اس کا تعمیری پہلو یہ ہے کہ آدمی اصول کے معاملہ میں سخت حسّاس ہو، وہ دوسروں کے حقوق کے معاملہ میں کمی کو گوارا نہ کرے، وہ حق سے انحراف کو دیکھے تو تڑپ اٹھے۔ وہ اپنی غلطی کو شدید طور پر محسوس کرتا ہو۔ وہ اپنی کوتاہی کے معاملہ میں اس سے زیادہ شدید ہو جتنا کہ کوئی شخص دوسروں کی کوتاہی کے معاملہ میں شدید ہوتا ہے۔ یہ انتہا پسندی صحت مند انتہا پسندی ہے۔ اس قسم کی انتہا پسندی کا مثبت نام حساسیت ہے۔

انتہا پسندی کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ وہ منفی رخ اختیار کرے۔ وہ اپنے اس جذبہ کی بنا پر دوسروں سے نفرت کرے۔ وہ دوسروں سے لڑنے کے لیے تیار ہو جائے۔ وہ اصلاح کے نام پر جنگ اور قتل شروع کر دے۔ یہ انتہا پسندی کی قابلِ اعتراض صورت ہے۔ جب انتہا پسندی اس قسم کی منفی صورت اختیار کر لے تو وہ عملاً ایک برائی (evil) بن جاتی ہے، نہ کہ کوئی خیر (good)۔ اس قسم کی انتہا پسندی کے لیے قرآن اور حدیث میں غلو کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

حساسیت (sensitivity) انسان کی خاص صفت ہے۔ حساسیت، خدا کی ایک عظیم نعمت ہے۔ اگر حساسیت نہ ہو تو آدمی حیوان کے مانند ہو جائے گا۔ بُرائی کو برائی سمجھنے کا مزاج اس کے اندر سے ختم ہو جائے گا۔

انتہا پسندی کا مزاج ہمیشہ محاسبہ کا مزاج پیدا کرتا ہے۔ مگر یہ محاسبہ اپنے خلاف ہونا چاہیے۔ اس کے برعکس، اپنی کوتاہیوں سے غافل رہنا اور دوسروں کی کوتاہی پر ان سے لڑائی شروع کر دینا سخت گناہ ہے۔ پہلا کردار اگر ثواب کا مستحق بناتا ہے تو دوسرا کردار آدمی کو اس قابل بنا دیتا ہے کہ اس کی سخت پکڑ کی جائے۔

# اجتہاد کیا ہے

اجتہاد زندگی کی ایک ضرورت ہے۔ اس کا دروازہ کبھی بند نہیں ہوتا، وہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اجتہاد کے لفظ کو شرعی اجتہاد کے معنی میں لینا، اس کو محدود بنانا ہے۔ اجتہاد عملی اعتبار سے اس سے زیادہ وسیع مفہوم رکھتا ہے، جو فقہاء کے یہاں مروج ہے۔ اجتہاد علمی اعتبار سے تخلیقی طرز فکر (creative thinking) کا دوسرا نام ہے۔

اجتہاد کے لفظ کو محدود شرعی معنی میں لینے کا نتیجہ یہ ہوا کہ اجتہاد ایک مقدس چیز بن گیا، اور لوگوں کے لیے جائز نہ رہا کہ وہ آزادانہ طور پر اجتہادی طرز فکر کو اختیار کریں۔ حالاں کہ علمی اعتبار سے یہ درست نہ تھا۔ اجتہاد کی یہ شرط بھی نہیں ہے کہ کسی کے پاس افتاء کی ڈگری موجود ہو۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے: اسْتَفْتِ قَلْبَكَ، وَاسْتَفْتِ نَفْسَك (مسند احمد، حدیث نمبر 18006)۔ یعنی اپنے دل سے فتویٰ پوچھو، اپنے ضمیر سے فتویٰ پوچھو۔ یہاں دل اور ضمیر کامن سنس کے معنی میں ہے، کسی پراسرار معنی میں نہیں۔ یہ اجتہادی طرز فکر کی بات ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اجتہاد دراصل تطبیقِ نو (reapplication) کا نام ہے۔ اجتہاد چھوٹے معاملے میں بھی ہوتا ہے، اور بڑے معاملے میں بھی۔ اجتہاد انفرادی معاملے میں بھی ہوتا ہے، اور قومی معاملے میں بھی۔ اجتہاد مذہبی معاملے میں بھی ہوتا ہے، اور سیکولر معاملے میں بھی۔ اجتہاد کی شرط صرف ایک ہے، اور وہ یہ کہ آدمی کی نیت درست ہو، یعنی وہ دینِ خداوندی پر عمل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔

اجتہاد کے لفظی معنی ہیں بہت زیادہ کوشش کرنا۔ عملاً اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شرعی حکم جو بظاہر اپنی ابتدائی صورت میں قابل عمل نہ رہے، اس کو دوبارہ قابلِ عمل بنانے کی کوشش کرنا۔ چنانچہ اجتہاد کی ایک تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے: بَذْلُ الْوُسْعِ لِنَيلِ حُكْمٍ شَرْعِيٍّ بِطَرِيقِ الِاسْتِنْبَاطِ (ادب المفتی والمستفتی لابن الصلاح، صفحہ 25)۔ یعنی کسی مسئلہ کے حل کے لیے شرعی حکم کو بذریعہ استنباط (inference) معلوم کرنے کی علمی اور فکری کوشش کرنا۔ دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے کہ بدلے ہوئے حالات میں شرعی حکم کی تطبیق نو (reapplication) تلاش کرنا۔

مثلاً مسلمان موجودہ زمانے میں خلافت یا اسلامی حکومت قائم کرنے کی کوشش کررہے ہیں، مگر ان کا یہ مقصد قربانیوں کے باوجود پورا نہ ہوسکا۔ اب اجتہاد یہ ہے کہ مسلمان یہ دریافت کریں کہ قدیم طرز کی خلافت کا قیام اب سرے سے ممکن ہی نہیں رہا۔ اب وہ زمانہ آ گیا ہے کہ خلافت کے ماڈل کو چھوڑ کر دوسرے قابل عمل ماڈل کو دریافت کرنا، اوراس کے مطابق ملت کی عمارت تعمیر کرنا۔

اسی طرح قرآن میں ایک تاریخی حقیقت کا بیان ان الفاظ میں آیا ہے: یَا قَوْمِ ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوا خَاسِرِينَ (5:21)۔ اے میری قوم، اس پاک زمین میں داخل ہوجاؤ جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے۔ اوراپنی پیٹھ کی طرف نہ لوٹو ورنہ نقصان میں پڑ جاؤ گے۔

کچھ لوگ اس آیت کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے ساتھ خاص مانتے ہیں۔ یہ بلا شبہ ایک جذباتی اجتہاد ہے۔ کیوں کہ آیت کے الفاظ عام ہیں تو خاص کرنے کی دلیل اس سے نہیں نکلتی۔ قرآن کی اس آیت کے بارے میں موجودہ دور کے علما صحیح اجتہادی اسپرٹ سے تقریباً محروم ہوگئے ہیں۔ ان میں سے کچھ علما اس حد تک گئے ہیں کہ انھوں نے فلسطین کے معاملے میں خودکش حملے کو جائز قرار دیا ہے۔ یہ صرف انتہا پسندی نہیں ہے، بلکہ وہ حرام کو حلال قرار دینے کے ہم معنی ہے، اور یہ غلطی اس لیے ہوئی کہ علماء نے اسرائیل کے مسئلے کو ایک مستثنیٰ مسئلہ قرار دے دیا۔

اصل یہ ہے کہ موجودہ دور کے علماء صحیح اجتہادی اسپرٹ سے تقریباً محروم ہوگئے ہیں۔ وہ اجتہاد کو ایک قسم کی فکری بے راہ روی سمجھتے ہیں۔ حالاں کہ حدیث میں اجتہاد کی اس قدر حوصلہ افزائی کی گئی ہے کہ اگر آدمی سے اجتہاد کرنے میں غلطی ہوجائے، تو اس پر بھی ثواب کی خوش خبری دی گئی ہے (مسند احمد، حدیث نمبر 17774؛ صحیح البخاری، حدیث نمبر 7352)۔ چنانچہ اس ڈر سے اجتہاد نہ کرنا کہ کہیں مجھ سے غلطی نہ ہوجائے، یہ ایک بے بنیاد وسوسہ ہے، نہ کہ صحیح اسلامی اسپرٹ۔ حقیقت یہ ہے کہ ملت کے مستقبل کی تعمیر ممکن کی بنیاد پر ہوسکتی ہے، ناممکن کی بنیاد پر نہیں۔ اور زمانی اعتبار سے ناممکن اور ممکن کے درمیان کا فرق صرف اجتہاد کے ذریعے معلوم ہوسکتا ہے۔ کسی ڈکشنری کو کنسلٹ کرنے سے اس کا جواب ملنے والا نہیں۔

# سمتِ سفر

ایک عربی پرچہ میں ایک مضمون پڑھا۔ اس کا عنوان یہ تھا: إستيقظوا من النوم أيها المسلمون (اے مسلمانو، نیند سے جاگو)۔ اس کو پڑھ کر مجھے عربی شاعر معروف الرصافی (وفات 1945ء) کی نظم یاد آ گئی۔ اس نے طنزیہ انداز میں عربوں کو جھنجھوڑنے کی کوشش کی تھی۔ اس نظم کا ایک شعر یہ تھا— تم سوجاؤ اور بیدار نہ ہو۔ کیوں کہ سونے والے لوگ ہی کامیاب ہوتے ہیں:

نامُوا وَلَا تَستَیقِظُوا  لَا فَازَ اِلّا النُّوَّمُ

عربوں سے (یا مسلمانوں سے) یہ شکایت میرے نزدیک خلافِ واقعہ ہے۔ اصل یہ ہے کہ موجودہ زمانہ میں عرب اور دوسرے مسلمان خوب جاگے۔ انہوں نے بڑی بڑی سرگرمیاں دکھائیں۔ البتہ ان سرگرمیوں کا کوئی مثبت نتیجہ نہیں نکلا۔ نتیجہ کے فقدان کو لوگ عمل کے فقدان پر محمول کر کے ان سے شکایت کر رہے ہیں۔

مثال کے طور پر فلسطین کے مسئلہ کو لیجیے۔ شیخ حسن البنا نے 1948ء میں اس کے لیے بڑے پیمانہ پر جہاد کیا۔ الاخوان المسلمون اپنی تاسیس کے وقت سے لے کر اب تک نہایت بلند بانگ طور پر فلسطین کے مسئلہ پر سرگرم رہے ہیں۔ خود فلسطینی لوگ فلسطین کے اندر اور اس کے باہر پرشور طور پر جاگے ہوئے ہیں، اور اسی طرح ساری دنیا کے مسلمان بھی۔ جمال عبد الناصر نے اسی سوال پر 1967ء میں اسرائیل، فرانس اور برطانیہ سے جنگ کی۔ خلیج کی جنگ 1991ء کی ایک وجہ فلسطین کا مسئلہ ہے۔ حتیٰ کہ بہت سے مسلمانوں نے صدام حسین کے روپ میں صلاح الدین ایوبی کو دوبارہ پیدا کر لیا۔ مگر ساری کوششوں کے باوجود نتیجہ بالکل الٹا نکل رہا ہے۔ اس مدت میں اسرائیل کا رقبہ کئی گنا بڑھ گیا اور اس کی طاقت میں بہت زیادہ اضافہ ہو گیا۔ اور فلسطینیوں کا مستقبل تاریک سے تاریک تر ہوتا جا رہا ہے۔

ایسی حالت میں اصل مسئلہ یہ نہیں ہے کہ لوگ سو رہے ہیں، انھیں جگایا جائے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ لوگ بے فائدہ سمتوں میں دوڑ رہے ہیں، اور ضرورت ہے کہ ان کو غلط سمت سے موڑ کر صحیح سمت میں سرگرم سفر کیا جائے۔ مسئلہ غلط رخ پر عمل کرنا ہے، نہ کہ سرے سے عمل نہ کرنا۔ عمل کی صحیح سمت وہ ہے جو نتیجہ خیز ہو، جو عمل نتیجہ خیز نہ ہو وہ صحیح عمل کبھی نہیں ہو سکتا۔ اس دنیا میں نتیجہ صحیح سمت میں عمل کرنے سے ملتا ہے، نہ کہ مجرد عمل کرنے سے۔

# اصل مسئلہ

فلسطینی تحریک انتفاضہ (uprising) کے بارے میں بہت سی کتابیں چھپی ہیں۔ ان میں سے ایک 125 صفحہ کی وہ عربی کتاب ہے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے: اس کتاب کے ایک باب میں کہا گیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک مسلم عورت مدینہ کے ایک یہودی بازار میں تھی۔ ایک یہودی نے اس کی عزت پر حملہ کرنے کی کوشش کی۔ عورت نے فریاد کی۔ قریب میں موجود ایک مسلمان نے اس کو سنا اور فوراً ہی تلوار لے کر یہودی کی گردن ماردی (سیرت ابن ہشام، جلد 2، صفحہ 48)۔

اسی طرح عموریہ میں ایک مسلم عورت کو رومیوں نے گرفتار کرلیا۔ اس نے فریاد کرتے ہوئے کہا: وَا مُعْتَصِمَاہ (ہائے معتصم)۔ ایک مسلمان نے اس پکار کو سنا اور اس کو بغداد کے خلیفہ معتصم تک پہنچایا۔ خلیفہ معتصم فوراً فوج لے کر روانہ ہوا اور عموریہ پہنچ کر مسلم خاتون کو رہائی دلائی (المنتظم فی التاریخ لابن الجوزی، جلد 11، صفحہ 29)۔ تاریخ اسلامی کے ان دو واقعات کو نقل کرنے کے بعد صاحب کتاب لکھتے ہیں:

> کتنی ہی بار فلسطین میں اور لبنان کے خیمہ گاہوں میں اور مختلف ملکوں میں بیواؤں اور یتیموں اور بوڑھوں اور بچوں کے منھ سے فریاد اور اعانت طلبی کی پکار بلند ہوئی۔ مگر مسلمانوں کی طرف سے انہیں کوئی جواب نہیں ملا۔ امت میں کوئی رہنما اور کوئی لیڈر اور کوئی جماعت اور کوئی حاکم ان کی مدد کے لیے حرکت میں نہیں آیا۔ گویا کہ روئے زمین کے مسلمانوں کے لیے ان کے بھائیوں کا معاملہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔

صاحب کتاب کے یہ آخری الفاظ بالکل خلاف واقعہ ہیں۔ حقیقت عین اس کے برعکس ہے۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ فلسطین میں اور دوسرے ملکوں میں مظلوم مسلمانوں (عورتوں اور مردوں) کی پکار پر بے شمار لوگ اٹھے۔ 1948ء میں حسن البنا (وفات 1949ء) مسلمانوں کی بہت بڑی جمعیت کے ساتھ

اٹھے اور لبیک یا فلسطین کا نعرہ لگاتے ہوئے یہودیوں کے خلاف جہاد کیا۔1965ء میں جمال عبد الناصر نے حکومت کی پوری طاقت کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا۔مگر یہ ساری کوششیں غیر موثر ثابت ہوئیں۔ اسی طرح ساری دنیا میں لاکھوں مسلمانوں نے اپنے مظلوم بھائیوں کی حمایت میں جہاد کیا اور اسی راہ میں اپنی جانیں دیدیں۔

مدینہ میں یا عَمور یہ میں مظلوم خواتین کی مدد کے لیے جو قربانی دی گئی وہ مقدار کے اعتبار سے اس سے بہت کم ہے جو موجودہ زمانہ میں اس قسم کے مظلوم عورتوں اور مردوں کے لیے دی گئی ہے۔مگر نتیجہ بالکل مختلف ہے۔ مدینہ میں اور عَمور یہ میں نسبتاً کم قربانیوں سے جو مقصد حاصل کرلیا گیا تھا، وہ موجودہ زمانہ میں زیادہ قربانی کے باوجود حاصل نہ کیا جاسکا۔

صاحب کتاب اور اس قسم کے دوسرے مسلمانوں کی غلطی یہ ہے کہ وہ اپنی سوچ کا آغاز ’’مدینہ‘‘ اور ’’عموریہ‘‘ سے کررہے ہیں۔ حالاں کہ یہ صحیح نہیں۔ انہیں اپنی سوچ کا آغاز ’’مکہ‘‘ سے کرنا چاہیے۔’’مدینہ‘‘ اور ’’عموریہ‘‘ تو اسلامی تاریخ میں مرحلۂ تیاری (formative period) کی انتہا تھے، وہ اس کا آغاز نہ تھا۔ مرحلۂ تیاری کا آغاز تو مکہ سے ہوا۔ موجودہ زمانہ میں مسلمانوں کے زوال کی بنا پر ان کی تیاری کا معاملہ دوبارہ پیچھے کی طرف لوٹ گیا ہے۔ ان کے اندر اس قسم کے زندہ افراد موجود نہیں ہیں، جس قسم کے زندہ افراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیار کیے تھے۔ فرد کی تیاری کے اعتبار سے آج ہم اپنی تاریخ کے آغاز میں ہیں، ہم اپنی تاریخ کے اختتام میں نہیں ہیں۔ موجودہ مسلم رہنما اس راز کو سمجھ نہ سکے۔ اس لیے وہ ایسے اقدامات کرتے رہے جس کا نتیجہ ناکامی کے سوا کسی اور صورت میں نکلنے والا نہ تھا۔

اس معاملہ کو سمجھنے کے لیے ہمیں پیچھے لوٹ کر مکہ کے ابتدائی دور میں جانا ہوگا۔ اس اعتبار سے جب ہم مکہ کے حالات کا مطالعہ کرتے ہیں تو وہاں ہم کو ’’مدینہ‘‘ اور عموریہ‘‘ سے بالکل مختلف تصویر نظر آتی ہے۔ مثلاً ابن اسحاق کہتے ہیں کہ عمار بن یاسر، ان کے باپ اور ماں سمیہ بنومخزوم کے حلیف اور مولی تھے اور اسلام قبول کر چکے تھے۔ چنانچہ بنومخزوم کے قبیلہ کے لوگ دوپہر کے وقت جب گرمی خوب تیز ہوجاتی تو ان سب کو لے کر مکہ کے باہر نکلتے اور صحرا کی گرم ریت پر لٹا کر تکلیف دیتے۔ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرتے اور وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کرتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے کہتے: صَبْرًا يَا آلَ يَاسِرٍ، فَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْجَنَّةُ (مستدرک الحاکم، حدیث نمبر 5646)۔یعنی، آل یاسر صبر کرو، تمہارے لیے جنت کا وعدہ ہے۔

عمار بن یاسر کی ماں سمیہ کو خود اسی طرح عذاب دے کر انھوں نے مار ڈالا۔ مگر وہ کسی حال میں اسلام کو چھوڑنے پر راضی نہ ہوئیں (فَأَمَّا أُمُّهُ فَقَتَلُوهَا، وَهِيَ تَأْبَى إِلَّا الْإِسْلَامَ) سیرت ابن ہشام، جلد 1، صفحہ 279۔

حقیقت یہ ہے کہ مدینہ اور عموریہ کے واقعہ کو اس وقت تک سمجھا نہیں جا سکتا جب تک مکہ کے مذکورہ واقعہ کو اس سے ملا کر نہ دیکھا جائے۔ کیا وجہ ہے کہ مدینہ میں جس قسم کے واقعہ پر اقدام کیا گیا، مکہ میں اسی قسم کے شدید تر واقعہ پر کوئی اقدام نہیں کیا گیا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ مکہ کا زمانہ تیاری اور استحکام کا زمانہ تھا۔ تیاری اور استحکام کے زمانہ میں اقدام غیر موثر ہوتا۔ اس لیے مکہ میں صبر کیا گیا۔ صبر دراصل تیاری اور استحکام کی قیمت ہے۔ جو لوگ ابتدائی مرحلہ میں صبر نہ کریں، وہ بعد کے مرحلہ میں تیاری اور استحکام کے درجہ کو بھی نہیں پہنچ سکتے۔

''مکہ'' میں ناقابل برداشت صبر کیا جاتا ہے، اسی وقت یہ ممکن ہوتا ہے کہ ''مدینہ'' میں ناقابل برداشت کو برداشت کرنے کی حاجت نہ رہے۔ جو لوگ مرحلۂ تیاری میں صبر اور قربانی کا ثبوت نہ دے سکیں، وہ مرحلۂ استحکام کی منزل کو بھی نہیں پہنچ سکتے۔

یہی موجودہ زمانہ کے مسلمانوں کا اصل مسئلہ ہے۔ صدیوں کے عمل کے نتیجہ میں مسلمان دوبارہ اپنی تاریخ کے آغاز میں پہنچ گئے تھے۔ اب ضرورت تھی کہ دوبارہ ان کے درمیان تیاری کا وہی عمل جاری کیا جائے جو مکہ میں جاری کیا گیا تھا۔ مگر موجودہ زمانہ کے مسلم رہنما اس راز کو سمجھ نہ سکے۔ انھوں نے اپنے آپ کو تاریخ کے اختتام والے مرحلہ میں فرض کر کے عملی اقدامات شروع کر دیے۔ قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ ضروری تیاری کے بغیر اقدام پیغمبر اور اصحاب پیغمبر کے لیے بھی مفید نہ ہو سکتا تھا (3:152)، پھر وہ موجودہ مسلمانوں کے لیے کیوں کر مفید ہو جاتے۔ یہی وجہ ہے جس نے ان کے عملی اقدامات کو بے فائدہ اور غیر موثر بنا دیا۔

# ایک سوال

عیدالفطر (2019) کی مناسبت سے خطبہ سننے کا موقعہ ملا۔ خطبہ میں مسلمانوں کے بارے میں یہ کہا گیا کہ ان کے خلاف ہندستان میں یہ نعرے لگائے جارہے ہیں: لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِنْ أَرْضِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا (14:13)۔ پھر یہی خطیب صاحب دعوت کی بات بھی کررہے تھے، دوسرے مقامات سے بھی فون آیا تھا کہ وہاں کے خطیب حضرات بھی یہی بات اسی آیت سے استدلال کررہے تھے۔ یہاں میرا سوال یہ ہے کہ دورِ تعذیب کی آیتوں کو اس طرح دور جدید پر منطبق (apply) کرنا کہاں تک درست ہے، وضاحت فرمائیں۔ (حافظ سید اقبال احمد عمری، عمرآباد، تامل ناڈو)

یہ قرآن کے نام پر مغالطہ (fallacy) پھیلانا ہے۔ کیوں کہ ان لوگوں کے پاس ایسا ریفرنس نہیں ہے، جو ثابت شدہ طور پر اس بات کی تائید کرتا ہو۔ اس طرح کے معاملے میں برعکس طور پر قرآن یہ پُرامید رہنمائی دیتا ہے: کتنی ہی چھوٹی جماعتیں اللہ کے حکم سے بڑی جماعتوں پر غالب آئی ہیں۔ اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (2:249)۔ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ رب العالمین کے بتائے ہوئے اصول کی بنیاد پر اپنے عمل کی منصوبہ بندی کرنے والی جماعت ضرور غالب آتی ہے، خواہ وہ کتنی ہی کمزور جماعت ہو۔ اور اس منصوبہ بندی کی بنیادی شرط صبر ہے۔

جو لوگ حالات حاضرہ پر قرآن کی مذکورہ آیت کو چسپاں کرتے ہیں، ان کے بارے میں یہ کہنا صحیح ہوگا کہ وہ حضرت عائشہ کے اس قول کا مصداق ہیں: أُولَئِكَ قَرَءُوا، وَلَمْ يَقْرَءُوا (مسند احمد، حدیث نمبر 24609)۔ یعنی انھوں نے قرآن کی آیت کو پڑھا، لیکن انھوں نے قرآن کے مصداق کو نہیں سمجھا۔ ایسے لوگوں کو چاہیے کہ وہ قرآن کا از سر نو مطالعہ کریں۔ ان کو چاہیے کہ وہ دوسروں کو برا بتانے کے بجائے، خود اپنی غلطی کا اعلان کریں۔ اس معاملے میں اصل بات جو جاننے کی ہے، وہ یہ ہے کہ مسلمانوں نے برصغیر ہند میں یہ غلطی کی کہ اپنے مدعو کو اپنا حریف بنالیا۔ یہ بلاشبہ مسلمانوں کی غلطی تھی۔ اب مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اس معاملے میں یوٹرن لیں، اور جن لوگوں کو اپنا حریف بنا رکھا تھا، ان کو اپنا مدعو سمجھ کر مثبت ذہن کے ساتھ اپنے عمل کی منصوبہ بندی کریں۔ اس کے بعد وہ اللہ کی مدد سے بلاشبہ کامیابی حاصل کریں گے۔

# سپریم چیز

زندگی میں سب سے پہلا سوال یہ ہے کہ انسان کے لیے سپریم چیز کیا ہے۔ میں اپنے تجربے کے مطابق کہہ سکتا ہوں کہ کسی انسان کے لیے سپریم چیز ذہنی اطمینان (peace of mind) ہے۔ کسی انسان کے لیے سپریم چیز نہ تو مال و دولت ہے، نہ شہرت (fame) ہے اور نہ طاقت ہے، اور نہ عوامی مقبولیت (popularity)۔ کسی انسان کے لیے سپریم یافت وہی چیز ہوسکتی ہے جو اس کو فل فل مینٹ (fulfillment) دے۔ اور تجربہ یہ ثابت کرتا ہے کہ پیس آف مائنڈ کے سوا کوئی اور چیز انسان کو فل فل مینٹ نہیں دیتی۔

پیس آف مائنڈ کی یہ اہمیت کیوں ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ پیس آف مائنڈ انسان کی نیچر کے مطابق ہے۔ انسان اپنے نیچر کے مطابق یہ چاہتا ہے کہ وہ آخری حد تک اپنے آپ کو مطمئن بنا سکے۔ مگر کسی انسان کو اطمینان صرف داخلی کامیابی (achievement) پر ہوسکتا ہے خارجی کامیابی پر نہیں۔ اسی داخلی یافت کا دوسرا نام انٹلکچول ڈیولپمنٹ یا اسپریچول ڈیولپمنٹ ہے۔ امریکی دولت مند بل گیٹس (Bill Gates) نے ڈالر کے بارے میں اپنے تجربے کو ان الفاظ میں بیان کیا:

"Once you get beyond million dollars, it is the same hamburger."

بل گیٹس نے جو بات ڈالر کے بارے میں کہی ہے، وہی بات ہر خارجی کامیابی کے لیے درست ہے۔ یہ خارجی کامیابی خواہ دولت ہو، یا بزنس ہو، یا شہرت ہو، یا سوشل میڈیا پر فالوورز کی کثرت ہو، یا پولٹیکل پاور ہو، یا اور کوئی مادی چیز ہو۔ اس قسم کی کوئی بھی چیز انسان کو حقیقی معنی میں ذہنی اطمینان عطا نہیں کرتی ہے۔ مادی طور پر کامیابی حاصل کرنے کے باوجود بھی انسان خود کو ذہنی طور پر بے سکونی کی حالت میں پاتا ہے۔ مثلاً امریکا کے بل گیٹس (Bill Gates) کے لیے اس کی دولت تسکین کا ذریعہ نہیں بنی تو اس نے اپنی دولت کا بڑا حصہ چیرٹی میں دے دیا۔ امریکا کے سابق صدر ڈونالڈ ٹرمپ (Donald Trump) کو وائٹ ہاؤس میں پہنچ کر سکون نہیں ملا۔ چنانچہ اس نے وائٹ ہاؤس کو گویا آب ریشم (cocoon) بتایا، وغیرہ۔

اصل یہ ہے کہ انسان اپنی فطرت کے اعتبار سے معیار پسند (perfectionist) ہے۔

جب کہ موجودہ دنیا ہر اعتبار سے غیر معیاری (imperfect) ہے۔ اس صورت حال نے انسان اور موجودہ دنیا کے درمیان ایک تضاد پیدا کر دیا ہے۔ اسی تضاد کا یہ نتیجہ ہے کہ کوئی انسان ہر قسم کے دنیوی سامان کو حاصل کرنے کے باوجود مطمئن نہیں ہوتا۔ دنیا کی ہر چیز اُس کو اپنے ذہنی معیار سے کم تر معلوم ہوتی ہے۔ اس لیے وہ ان کو پا کر بھی مطمئن نہیں ہوتا۔ بظاہر راحت کے سامان کے درمیان بھی وہ ہمیشہ ایک قسم کے غیر شعوری عدم اطمینان میں مبتلا رہتا ہے۔

فطرت کا یہ قانون ثابت کرتا ہے کہ دنیوی راحت کے سامانوں میں ذہنی سکون تلاش کرنا ایک ایسا بے سود عمل ہے جو کبھی کار آمد بننے والا ہی نہیں۔ اس مسئلہ کا واحد ممکن حل وہی ہے، جس کو دین میں قناعت (contentment) کہا گیا ہے۔ حدیث میں مومن کی مثال مسافر سے دی گئی ہے (صحیح البخاری، حدیث نمبر 6416)۔ مسافر کا معاملہ کیا ہے، وہ اپنے آپ کو سفر کی حالت میں سمجھتا ہے، اِس لیے وہ تنگی اور پریشانی کے باوجود سفر کے وقت، یا سواری میں بیٹھ کر اطمینان کے ساتھ اپنا سفر طے کرتا ہے۔ اِسی حقیقت پسندانہ سوچ کا نام قناعت (contentment) ہے۔ یعنی آدمی صورتِ موجودہ پر دل سے راضی ہو جائے۔

دنیا میں جب بھی کوئی شخص صحیح اصول کے مطابق کمانے کی کوشش کرے تو وہ ضرور اتنی معاش حاصل کر لیتا ہے جو اس کی ضرورتوں کے لیے کافی ہو۔ اگر وہ اس ملے ہوئے پر راضی ہو جائے تو اس کا فائدہ اس کو ذہنی سکون کی صورت میں ملے گا۔ لیکن سکون ہمیشہ قناعت سے ملتا ہے اور قناعت کا مطلب ہے ملے ہوئے پر راضی ہو جانا۔

صحابیٔ رسول سعد بن ابی وقاص نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: اے میرے بیٹے، جب تم مال طلب کرو تو اس کو قناعت کے ساتھ طلب کرو۔ کیوں کہ جس کے اندر قناعت نہ ہو مال اس کے لیے کافی نہیں ہو سکتا: قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ لِابْنِهِ: يَا بُنَيَّ! إِذَا طَلَبْتَ الْغِنَى، فَاطْلُبْهُ بِالْقَنَاعَةِ، فَإِنَّهُ مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ قَنَاعَةٌ لَمْ يُغْنِهِ مَالٌ (تاریخ دمشق لابن عساکر، جلد 20، صفحہ 363)۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: كُنْ قَنِعًا، تَكُنْ أَشْكَرَ النَّاسِ (سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 4217)۔ یعنی، قناعت کرنے والے بنو، تم سب سے زیادہ شکر کرنے والے بن جاؤ گے — شکر گزاری کا جذبہ انسان کے اندر پیس آف مائنڈ پیدا کرتا ہے۔

# ڈائری 1986

16 اپریل 1986

آج ابوبکر نجار (جنوبی افریقہ) ملنے کے لیے آئے۔ ان کا پورا پتہ یہ ہے۔

Shaikh Aboubaker Najaar
President, Islamic Council of South Africa,
12, Elwyn Road, Craw ford, Cape,
P.O. Box 200, Athlone 7760, SA

جناب ابوبکر نجار صاحب نے بتایا کہ جنوبی افریقہ کی کل آبادی 30 ملین ہے۔ اس میں نصف ملین مسلمان ہیں۔ مسلمانوں نے وہاں کے قادیانی فرقہ کے خلاف مقامی عدالت میں مقدمہ کیا تاکہ قادیانیوں کو اپنی مساجد اور دینی مقامات میں آنے سے روک دیں۔ مگر عدالت نے خلاف فیصلہ دیا اور اب قادیانی پہلے کے مقابلہ میں زیادہ دلیری سے مسلمانوں کے مذہبی مقامات میں آنے لگے ہیں۔ اس طرح مسلمانوں کا مسئلہ اور زیادہ بڑھ گیا ہے۔ میں نے پوچھا کہ کیا وہاں کی عدالت میں تعصب ہے؟ انہوں نے کہا کہ بالکل نہیں۔ اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ مسلمان اپنے کیس کی مضبوط وکالت نہ کرسکے۔ چنانچہ اب وہاں کے مسلمان یہ چاہتے ہیں کہ وہ مسلم ملکوں سے چندہ وصول کر کے دوبارہ سپریم کورٹ میں اس عدالتی فیصلہ کو چیلنج کریں۔

گفتگو کے دوران میں نے ابوبکر نجار صاحب سے پوچھا کہ کیا ساؤتھ افریقہ میں غیر مسلموں کے درمیان کچھ تبلیغی کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا نہیں۔

"Tabligh work among non-Muslims is virtually non-existent."

مزید سوالات کے دوران انہوں نے بتایا کہ غیر مسلموں میں تبلیغی کام نہ ہونے کے باوجود لوگ اسلام قبول کر رہے ہیں۔ خاص طور پر بلیک کمیونٹی میں اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد کافی ہے۔

یہی صورت حال تقریباً ساری دنیا میں ہے۔ خالص کمیونسٹ ملکوں کو چھوڑ کر ہر جگہ یہ صورت حال ہے کہ مسلمان تبلیغی کام تو بالکل نہیں کرتے۔ مگر اس کے باوجود ہر ملک میں روزانہ لوگ کثرت سے اسلام قبول کر رہے ہیں۔

ایک طرف مسلمانوں کی وہ سرگرمیاں ہیں، جن کا مطلق کوئی نتیجہ نہیں نکل رہا ہے۔ دوسری طرف دعوت کے میدان میں اسلام ہر روز اپنی قوت کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ مگر مسلمانوں کے لیے اس میں کوئی سبق نہیں۔

17 اپریل 1986

ایسٹ برلن (جرمنی) کے ایک کلب میں دھماکہ ہوا جس میں کچھ امریکی باشندے ہلاک ہو گئے۔ صدر امریکہ مسٹر ریگن نے اعلان کیا ہے کہ یہ لیبیا کے صدر معمر قذافی کی دہشت پسندانہ اسکیم کے تحت ہوا ہے۔ چنانچہ انھوں نے انتقامی کارروائی کے لیے اپنی فوجوں کو حکم دے دیا۔ اپریل 1986 میں امریکی جہاز لیبیا کی فضا میں پہنچے اور طرابلس (باب العزیزیہ) پر بمباری کی۔ یہ وہ مقام ہے جہاں معمر قذافی کا ہیڈ کوارٹر ہے۔ اس واقعہ پر ساری دنیا میں شدید ردعمل ہوا۔ نئی دہلی کے اخبار انڈین اکسپریس (17 اپریل 1986) کے اداریہ کا عنوان یہ تھا:

Shameful Aggression

(شرمناک جارحیت)۔ اس اداریہ کا آغاز ان الفاظ میں کیا گیا تھا:

‘‘Shock, anger, disgust and alarm. These words sum up the reaction of much of the world to the naked and unprovoked attack the United State launched on Libya.’’

ہزار سال پہلے اس قسم کا واقعہ سیاسی دنیا میں معمول کا ایک واقعہ تھا۔ اس وقت اس قسم کے واقعہ پر نہ کوئی ردعمل ظاہر کیا جاتا تھا اور نہ آج کل کی طرح پریس کے ذرائع تھے کہ منٹوں میں اس کی خبر ساری دنیا میں پھیل جائے اور لوگوں کے بیانات چھپ کر ہر جگہ پہنچ جائیں۔

یہ زمانہ کا فرق ہے۔ اس فرق نے موجودہ زمانہ میں اسلام کی دعوت کے لیے ایسا نیا امکان کھول دیا ہے جو اس سے پہلے کبھی دنیا میں موجود نہ تھا۔ مسلمان اگر اشتعال انگیزی سے بچیں تو وہ جارحیت کے اندیشے کے بغیر ساری دنیا میں اسلام کی دعوت پھیلا سکتے ہیں۔ (2004 میں رونالڈ ریگن کا اور 2011 میں کرنل معمر قذافی کا انتقال ہو چکا ہے)۔

18 اپریل 1986

لیبیا پر امریکہ کا حملہ آج کل اخبارات کے صفحہ اول کی خبر بنا ہوا ہے۔ نئی دہلی کے انگریزی

اخبار ٹائمس آف انڈیا (18 اپریل 1986) کے صفحہ اول کی پہلی خبر کی سرخی یہ تھی:

"Soviet warship takes up position in the Gulf of Sidra."

سویت روس کے سمندری جنگی جہازوں نے خلیج سدرہ میں پوزیشن لے لی۔

یہ خبر بتاتی ہے کہ موجودہ زمانہ میں مسلم ممالک کسی کی حمایت کے بل پر زندہ ہیں۔ آج ان کی اپنی ذاتی کوئی قوت نہیں۔ وہ صرف اس لیے زندہ ہیں کہ مغرب کی بڑی طاقتیں اپنی قوت کے ذریعہ ان کی سرپرستی کرتی ہیں۔ لیبیا کا سرپرست روس ہے، سعودی عرب کا سرپرست امریکہ۔ اور اسی طرح دوسرے مسلم ممالک۔

قرآن مجید میں یہود کے بارے میں آیا ہے کہ انہیں کبھی مستقل قوت حاصل نہ ہوگی۔ وہ یا تو اللہ کی رسی کے ساتھ رہیں گے یا لوگوں کی رسی کے ساتھ (3:112)۔ "اللہ کی رسی" سے مراد یہاں اسلامی حکومت ہے اور "لوگوں کی رسی" سے مراد غیر مسلم اقوام کی حکومت۔

یہود کے بارے میں یہ قرآنی پیشین گوئی مسلسل صحیح ثابت ہورہی ہے۔ موجودہ زمانہ میں ان کی حکومت (اسرائیل) امریکہ کی سرپرستی کے بل پر زندہ ہے۔ مگر مسلمانوں کا حال بھی موجودہ زمانہ میں اس سے مختلف نہیں۔ موجودہ زمانہ کے مسلم ممالک اپنی کوئی ذاتی قوت نہیں رکھتے۔ وہ سب کسی نہ کسی غیر مسلم بڑی طاقت کی حمایت کے تحت زندہ ہیں۔ کوئی ملک روس کی حمایت کے تحت زندہ ہے اور کوئی امریکہ کی حمایت کے تحت۔

## 19 اپریل 1986

ایک صاحب جماعت اسلامی کے پرانے رکن ہیں۔ وہ جماعت کی مجلس نمائندگان کے ممبر ہیں، وغیرہ۔ وہ مجلس نمائندگان کے اجتماع کے تحت دہلی آئے تھے۔ اس درمیان وہ مجھ سے بھی ملنے کے لیے آئے۔ ان سے گفتگو کے دوران ہندستان کے ایک معروف عالم دین کا ذکر آیا۔ میں نے مذکورہ عالم دین کی بعض باتوں کی تعریف کی۔ انھوں نے اپنا تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ان کے اندر قیادت کی مطلق صلاحیت نہیں۔ وہ زمانہ کو نہیں پہچانتے اور جس آدمی کے اندر زمانہ کی پہچان نہ ہو تو وہ کبھی قائد نہیں بن سکتا۔

میں نے پوچھا کہ زمانہ کی پہچان سے آپ کی کیا مراد ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج کل یوپی

میں اور دوسرے مقامات پر بابری مسجد (اجودھیا) کا مسئلہ چھڑا ہوا ہے۔ تمام مسلمان اس مسئلہ پر سخت مشتعل ہیں۔ مگر مذکورہ عالم دین کا حال یہ ہے کہ وہ اس معاملہ میں کچھ بولتے نہیں۔ کئی اجتماعات میں ان سے بابری مسجد کے بارے میں سوال کیا گیا مگر وہ خاموش رہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس وقت جو شخص بابری مسجد کا مسئلہ لے کر اٹھے گا وہ مسلمانوں کا قائد بن جائے گا۔

میں نے سوچا کہ زمانہ کی پہچان کے بارے میں لوگوں کا نظریہ کتنا ناقص ہے۔ یہ بات بجائے خود صحیح ہے کہ قائد کو زمانہ کی پہچان ہونی چاہیے۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ بابری مسجد جیسے مسائل کو لے کر دھواں دار تقریریں کرنے لگے۔

زمانہ کو پہچاننے سے مراد یہ ہے کہ ان قوتوں کو پہچانا جائے جنھوں نے زمانہ میں فیصلہ کن حیثیت حاصل کی ہے۔ جذباتی ابال اور چیز ہے اور زمانی حقیقتیں بالکل دوسری چیز۔ قائد کے لیے بلاشبہ ضروری ہے کہ وہ زمانی حقیقتوں کو جانے، اس کے بغیر وہ اپنی قوم کی صحیح رہنمائی نہیں کرسکتا۔

20 اپریل 1986

ہندستان کے موجودہ حکمراں نہایت پرجوش طور پر ہندستان کو کمپیوٹر ایج میں داخل کر رہے ہیں۔ شاید ان کا خیال ہے کہ صرف اس کام سے ان کا ملک کمپیوٹر ایج میں داخل ہو جائے گا کہ مغربی ملکوں سے کمپیوٹر منگائے جائیں اور ان کو ملک کے ہر بڑے دفتر میں نصب کر دیا جائے۔ حالانکہ یہ مغالطہ کے سوا کچھ نہیں۔ ٹائمس آف انڈیا (19 اپریل 1986) میں مسٹر ایس ایس گل نے اس ذہنیت پر تبصرہ کرتے ہوئے نہایت صحیح طور پر لکھا ہے:

> ‘‘Modern management techniques and computerized office equipments are only aids to efficient management. They are no substitutes for systems or structures.’’

جدید انتظامی طریقے اور دفتری کمپیوٹر صرف مستعد انتظامیہ کے لیے مددگار ہیں، وہ نظام یا ڈھانچہ کا بدل نہیں۔ انہوں نے اپنے مفصل آرٹیکل میں دکھایا ہے کہ موجودہ حالت میں ہندستان کا اصل مسئلہ یہ ہے کہ دفتروں میں کام کرنے والے کام نہیں کرتے۔ سرکاری دفاتر میں ڈیوٹی کے احساس کی آخری حد تک کمی ہے۔ ایسی حالت میں کمپیوٹر لگانے کا کیا فائدہ ہوگا، جب کہ کمپیوٹر کو استعمال کرنے والے ہاتھ اپنے حصہ کا کام ذمہ دارانہ طور پر نہ کریں۔ انہوں نے دلچسپ طور پر یہ جملہ لکھا ہے:

“A racing car, pulled by bullocks, will not move faster than a bullock cart.”

ایک تیز رفتار کار جس کو بیل کھینچ رہے ہوں، وہ بیل گاڑی سے زیادہ تیز نہیں چل سکتی۔

یہی تبصرہ مختلف صورتوں میں خود اسلامی ممالک پر بھی چسپاں ہوتا ہے۔ مثلاً افراد کی ضروری تربیت کے بغیر ملک میں شرعی قانون کو لاگو کرنا، وغیرہ۔

22 اپریل 1986

پاکستان جن نعروں سے بنا ان میں سب سے اہم نعرہ یہ تھا:

پاکستان کا مطلب کیا — لا الٰہ الا اللہ

یہ مسلم لیگ کا نعرہ تھا۔ اس کے بعد جب پاکستان بن گیا تو کچھ دینی جماعتوں اور دینی قائدین نے یہ کہنا شروع کیا کہ پاکستان اسلام کے نام پر بنا ہے۔ اس لیے یہاں اسلامی قانون کی حکومت ہونی چاہیے۔ ایک دینی رہنما نے مزید یہ دعویٰ کیا کہ پاکستان کی عظیم اکثریت اسلام چاہتی ہے۔ صرف تھوڑے لوگ ہیں جو اتفاقاً حکومت پر قابض ہو گئے ہیں وہی غیر اسلام چاہتے ہیں۔

مگر پاکستان میں سیکولر پارٹیوں کا غلبہ ثابت کرتا ہے کہ معاملہ ایسا نہیں ہے۔ مثلاً 1 اپریل 1986 میں بے نظیر بھٹو لندن سے لاہور پہنچی تو لاہور کے لوگ ان کے استقبال کے لیے امنڈ پڑے۔ سڑکوں پر یہ نعرہ لگ رہا تھا:

پاکستان کی تقدیر — بے نظیر بے نظیر

(ٹائمس آف انڈیا، 20 اپریل 1986)۔ بے نظیر بھٹو اوران کی پارٹی کا نظریہ واضح طور پر غیر مذہبی ہے۔ آج بے نظیر بھٹو کو پاکستان میں اتنی مقبولیت حاصل ہے کہ جماعت اسلامی جیسی دینی جماعتیں الیکشن کے میدان میں ان کا مقابلہ نہیں کرسکتیں، یہاں تک کہ جنرل ضیاء الحق بھی نہیں۔

اسی طرح سیاست کے علاوہ دوسرے میدانوں میں بھی غیر دینی عناصر، خواہ وہ مثبت ہو یا منفی، کا غلبہ ثابت کرتا ہے کہ واقعہ وہ نہیں ہے، جیسا کہ وہاں کے کچھ دینی رہنما دعویٰ کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کے نتیجہ میں پاکستان وجود میں آیا ہے، وہ اسلام کے نام پر غیر حکیمانہ سیاست چلانے کا سب سے بڑا مظاہرہ تھا۔ ایسی سیاست کا انجام وہی ہوسکتا تھا جو ہوا۔

23اپریل1986

ایک نوجوان ملنے کے لیے آئے، جن کا نام و پتہ یہ ہے:

Suhrab Alam
Aftab Book Depot, Sabzi Bagh, Patna-4

انہوں نے بتایا کہ میری زندگی اس سے پہلے بہت زیادہ غلط تھی۔ لوگ مجھ سے نفرت کرتے تھے۔ اس کے بعد مجھے آپ کی کتاب ''انسان اپنے آپ کو پہچان'' ملی۔ اس کو پڑھ کر میری زندگی بالکل بدل گئی۔ اس کے بعد میں نے آپ کی ساری کتابیں پڑھ ڈالیں۔ انہوں نے کہا کہ ''پیغمبر انقلاب'' میں آپ نے جو منتخب حدیثیں لکھی ہیں ان کو میں نے پڑھا۔ مجھے ایسا لگا جیسے میں بالکل نئی حدیثیں پڑھ رہا ہوں، ایسی حدیثیں جن کو میں نے کبھی پڑھا نہیں تھا۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلام کی کہانی ابھی تک اَن کہی کہانی (untold story) بنی ہوئی ہے۔ 21 اپریل 1986ء کو بھوپال میں میری ایک تقریر تھی، جس میں کثرت سے ہندو صاحبان موجود تھے۔ اس موقع پر میں نے کہا کہ 1962ء کی ہند-چین جنگ کے بعد حکومت کی طرف سے بہت سے بیانات اور دستاویزیں شائع ہوئے۔ اس کے بعد ہندستانی فوج کے ریٹائرڈ لفٹننٹ جنرل مسٹر برج موہن کول (وفات 1972ء) نے اعلان کیا کہ ہند- چین کی کہانی کا اصل باب ابھی غیر بیان شدہ پڑا ہوا ہے۔ چنانچہ انہوں نے ایک کتاب لکھی جس کا نام ہے— اَن کہی کہانی:

''*The Untold Story*, Allied Publishers, 1967''

میں نے اپنی تقریر میں کہا کہ میں بھی آج آپ کو اسلام کی Untold Story سنانا چاہتا ہوں۔ اس کے بعد میں نے وہ حدیثیں سنائیں جن کا تعلق توحید، اخلاق، عدل، مساوات انسانی اور دوسرے امورِ خیر سے ہے۔ ہندو مسلم دونوں بہت متاثر ہوئے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے مقامی صدر مسٹر سارنگ نے تقریر کے بعد کھڑے ہو کر کہا کہ یہ تو وہ اسلام ہے جو ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کو اختیار کر لینا چاہیے۔

ایک صاحب نے یہ تجویز پیش کی کہ اسلام کے تعارف پر اسی انداز پر ایک کتاب تیار کی جائے اور اس کا نام Untold Story ہو۔

24اپریل1986

امریکہ کے لیے لیبیا کے معمر قذافی کی ’’دہشت پسندی‘‘ پریشانی کا سبب بنی ہوئی تھی۔ امریکہ کے صدر ریگن نے اس کے خلاف بار بار وارننگ دی اور پھر اپریل1986 میں طرابلس پر حملہ کر دیا۔ اس حملہ میں معمر قذافی کی رہائش گاہ کونشانہ بنایا گیا تھا۔ ہوائی بمباری سے کافی نقصان ہوا۔ تاہم معمر قذافی بچنے میں کامیاب ہوگئے۔

اس کے فوراً بعد معمر قذافی ساری دنیا کے اخبارات میں صفحہ اول پر چھپ رہے تھے۔ ملک کے اندر اور ملک کے باہر ان کی امیج کافی بڑھ گئی۔ امریکہ اپنے مقصد میں ناکام رہا اور معمر قذافی اپنے مقصد میں کامیاب۔ امریکہ کے سابق صدر جمی کارٹر (پیدائش 1942ء) نے لیبیا پر امریکی بمباری کو ایک غلطی (mistake) قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ:

"Col. Gaddafi was an outcaste. Now he is a hero." (*Times of India*, 20 April 1986)

یہ ایک مثال ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کسی کے خلاف عملی اقدام ایک بے حد نازک معاملہ ہے۔ اس کو حد درجہ سوچے سمجھے فیصلہ کے تحت ہونا چاہیے۔ اگر ناقص اندازہ کی بنیاد پر اقدام کیا گیا تو وہ کاؤنٹر پروڈکٹیو (counter-productive) ثابت ہوگا۔ یعنی اس کا نتیجہ اس کے برعکس نکلے گا جو اقدام کرنے والے نے بطور خود اپنے ذہن میں فرض کرلیا تھا۔ خواہ اقدام کرنے والا امریکہ جیسا طاقتور ملک ہی کیوں نہ ہو اور جس کے خلاف اقدام کیا گیا ہے وہ لیبیا جیسا کمزور ملک۔

25اپریل1986

پاکستان کے ایک اخبار میں ایک کتاب ’’قادیانیوں سے خطاب‘‘ کا اشتہار نظر سے گزرا۔ اس اشتہار کے الفاظ یہ ہیں:

’’انسداد قادیانیت آرڈننس کے بعد قادیانی اب پاکستان میں غیر مسلم اقلیت قرار دیے جاچکے ہیں تو اب پاکستانی مسلمانوں پر یہ فرض پہلے سے بھی زیادہ شدت سے عائد ہوتا ہے کہ قادیانیوں کو اسلام کی دعوت دیں۔ اور قادیانی دجل کا پردہ چاک کریں۔ اسی فرض کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کتاب تیار کی گئی ہے۔ اس کو فی الفور منگوا کر اپنے حلقہ

کے قادیانیوں میں تقسیم کر کے ایک اہم دینی فریضہ پورا کریں‘‘۔(ہفت روزہ المنبر، فیصل آباد، 15 مارچ 1986)

مسلمان موجودہ زمانہ میں اسلامی دعوت کا نام لیتے ہیں، مگر ان کے اکابر تک اس سے بے خبر ہیں کہ اسلامی دعوت حقیقتاً کیا ہے۔ وہ ’’اسلامی دعوت‘‘ کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ ’’غیر مسلموں کے دجل یعنی سازش کا پردہ چاک‘‘ کیا جائے۔ حالانکہ اس قسم کے معاملہ کا اسلامی دعوت سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ لفظی کُشتی ہے، نہ کہ اسلامی دعوت۔

اسلامی دعوت سراسر ایک خیر خواہی کا عمل ہے۔ اس کا سرچشمہ داعی کا یہ درد ہے کہ وہ ایک بھٹکے ہوئے انسان کو راہ راست پر لے آئے۔ یہ اپنی حیثیت کے اعتبار سے محبت کا عمل ہے، نہ کہ نفرت اور تحقیر کا عمل۔ لوگ دعوت اور مناظرہ بازی میں فرق نہیں کرتے، اس لیے وہ ایسے الفاظ بولتے ہیں، جس کا ایک نمونہ اوپر کے اقتباس میں نظر آتا ہے۔

26 اپریل 1986

مولانا کبیر الدین فاران (ہماچل پردیش) سے ملاقات ہوئی۔ وہ ذہین آدمی ہیں۔ گفتگو کے دوران انھوں نے کہا کہ میرے اندر تنقیدی مزاج ہے۔ مجھے کسی رائے سے اختلاف ہوتا ہے تو میں فوراً اس کا اظہار کر دیتا ہوں۔

میں نے کہا کہ یہ مزاج بذات خود صحیح مزاج ہے۔ مگر مسلمان عام طور پر ’’اختلافِ رائے‘‘ اور ’’اختلافِ امر‘‘ میں فرق نہیں کرتے۔ اختلافِ رائے یعنی سوچ کا فرق اور اختلافِ امر یعنی عملی مخالفت۔ میرے نزدیک اختلافِ رائے ایک جائز عمل ہے، مگر اختلافِ امر بالکل ناجائز ہے۔ اختلافِ رائے اور اختلافِ امر میں فرق کی مثالیں اصحابِ رسول کے یہاں بھی موجود ہیں۔ حضرت عثمان کے زمانے میں صحابیِ رسول ابو ذر رضی اللہ عنہ حج کے لیے گئے۔ وہاں ان کو معلوم ہوا کہ خلیفہ ثالث عثمان رضی اللہ عنہ نے یہاں چار رکعتیں پڑھی ہے۔ ابو ذر رضی اللہ عنہ نے سخت الفاظ میں اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور کہا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ چکا ہوں۔ آپ نے صرف دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر ابو بکر و عمر کے ساتھ بھی میں نے دو رکعت نماز پڑھی۔ اس کے بعد ابو ذر رضی اللہ عنہ اٹھے اور چار رکعت نماز ادا کی۔ لوگوں نے کہا: آپ نے امیر المومنین پر

چار رکعت کے لیے اعتراض کیا اور خود وہی کر رہے ہیں۔ انھوں نے جواب دیا: اَلْخِلاَفُ أَشَدُّ (مسند احمد، حدیث نمبر 21460)۔یعنی، عملی مخالفت اس سے بھی زیادہ سنگین ہے۔

اسی قسم کا واقعہ مشہور صحابیِ رسول عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔ انھوں نے عثمان رضی اللہ عنہ کے منیٰ میں چار رکعت پڑھنے پر بہت ہی سخت الفاظ میں ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور پھر خود چار رکعت پڑھی۔ جب پوچھا گیا تو فرمایا: اختلاف کرنا برا ہے (اَلْخِلاَفُ شَرٌّ) سنن ابو داؤد، حدیث نمبر 1962۔اس کے برعکس، مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ جب انہیں رائے کے معاملہ میں اختلاف ہو جائے تو وہ سمجھ لیتے ہیں کہ امر اور نظم (system) سے اختلاف کرنا بھی ان کے لیے درست ہے۔اسی کمزوری کی وجہ سے مسلمانوں سے کوئی متحدہ کام نہیں ہو پاتا۔

حدیث ''اخْتِلافُ أُمَّتِي رَحْمَةٌ'' (المقاصد الحسنۃ للسخاوی، حدیث نمبر 39) کا مطلب بھی یہی ہے۔یعنی میری امت کا اختلاف رحمت ہے۔اس حدیث میں اختلافی رائے کے اظہار کو رحمت کہا گیا ہے، نہ کہ عملی اختلاف وانتشار کو۔افراد کو ہر کام میں اجتماعی نظم کا پابند رہنا چاہیے۔البتہ اختلافِ رائے کو مثبت طریقے سے ظاہر کرنے کے معاملہ میں ان پر کوئی پابندی نہیں۔انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے وہ کسی بھی شخص سے رائے کے معاملہ میں اختلاف کر سکتے ہیں خواہ وہ بڑا ہو یا چھوٹا۔

27 اپریل 1986

مولانا حکیم بشیر حسن انصاری (محبوب نگر) مرکز میں تشریف لائے۔گفتگو کے دوران انہوں نے ایک لطیفہ بیان کیا۔

کہا جاتا ہے کہ ایک نواب صاحب تھے، جن کا نام عبید تھا۔ایک روز نواب عبید اپنی شان وشوکت کے ساتھ نکلے۔ان کے جلوس میں ان کے خادم بھی زرق برق گھوڑوں پر سوار ہو کر چل رہے تھے۔خادموں کا حلیہ بتا رہا تھا کہ نواب نے اپنے خادموں پر بڑی عنایات کی ہیں۔ایک غریب شخص نے اس منظر کو دیکھا تو اپنے اور ان خادموں کے فرق کو دیکھ کر وہ بہت متاثر ہوا۔ وہ خدا سے کہہ اٹھا:

مولا شدن از عبید بیاموز

یعنی عبید نے اپنے خادموں کو کس طرح نواز رکھا ہے۔اور آپ میرے مولا ہیں اور میں آپ کا

خادم ہوں۔ مگر میں آپ کی نوازش سے محروم ہوں،’’مولا بننا آپ عبید سے سیکھیے‘‘۔

کچھ عرصہ بعد ایسا ہوا کہ نواب عبید اپنے خادموں سے کسی بات پر ناراض ہو گئے۔ اور حکم دے دیا کہ ان کو کوڑے مارے جائیں۔ مذکورہ غریب شخص دوبارہ ادھر سے گزرا۔ اس نے دیکھا کہ خادموں پر کوڑے پڑ رہے ہیں۔ مگر وہ سب ’’عبید، عبید‘‘ پکار رہے ہیں۔ وہ جس سے مار کھا رہے ہیں، اس سے فریاد بھی کر رہے ہیں۔ اس وقت غیب سے آواز آئی:

بندہ شدن از بندگان عبید بیاموز

(بندہ ہونے کو عبید کے بندوں سے سیکھو)۔ یعنی تم خدا کا بندہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہو اور جب خدا کی طرف سے معمولی تکلیف پہنچی تو شکایت کرنے لگے۔ عبید کے بندے اس سے بڑی تکلیف اٹھا رہے ہیں، پھر بھی وہ شکایت کے بجائے اسی کو پکار رہے ہیں۔ وہ اسی کی طرف اپنی توجہ لگائے ہوئے ہیں۔

یہ اگرچہ ایک لطیفہ ہے، مگر اس میں منصوبۂ تخلیق کا ایک بڑا سبق چھپا ہوا ہے۔

28 اپریل 1986

ٹائمس آف انڈیا (28 اپریل 1986) صفحہ 8 پر ایک خبر حسب ذیل سرخی کے ساتھ چھپی ہے:

‘‘USSR had alerted Libya against the raid.’’

یہ خبر جس کی ڈیٹ لائن قاہرہ کی ہے، اس میں بتایا گیا ہے کہ واشنگٹن نے لیبیا پر اپنے حملہ (15 اپریل 1986) سے ایک گھنٹہ پہلے سوویت یونین کو باخبر کر دیا تھا۔ سوویت یونین نے فوراً اس کی اطلاع کرنل قذافی کو کر دی۔ یہی پیشگی اطلاع تھی جس کی بنا پر امریکہ کا حملہ ناکام ہو گیا۔

خبر میں امریکی حملہ کو ’’Biggest American Mistake‘‘ کہا گیا ہے۔ پیشگی اطلاع پا کر کرنل قذافی نے فوراً دو اقدامات کیے۔ انھوں نے اپنے جنگی جہازوں کو پڑوسی ملک سوڈان میں بھیج دیا۔ اور خود اپنی رہائش گاہ عزیزیہ کیمپ سے منتقل ہو کر دوسری جگہ چلے گئے۔ اس طرح کرنل قذافی خود بھی حملہ سے محفوظ رہے اور ان کے روسی ساخت کے جنگی جہاز بھی۔

یہ انکشاف مسٹر صلاح منتصر نے کیا ہے جو اکتوبر میگزین (قاہرہ) کے اڈیٹر ہیں۔ یہ خبر اگر صحیح ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ کو اس کی ترقیوں نے ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی

(over confidence) میں مبتلا کر دیا ہے۔ اور ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی ہمیشہ آدمی کے لیے الٹی پڑتی ہے۔ خواہ وہ امریکہ جیسی سپر پاور کیوں نہ ہو۔

29 اپریل 1986

موجودہ زمانہ میں مسلم لیڈروں نے مسلمانوں کو صرف ایک ہی بات بتائی ہے۔ اور وہ ہے— اپنے مسائل کے لیے دوسروں سے لڑنا۔ جو مسئلہ اپنی کمزوری کی وجہ سے پیدا ہو اس کو دوسروں کے اوپر ڈالنا۔ شاہ بانو بیگم کا کیس (1985ء) کے سلسلے میں تمام مسلم لیڈروں نے متحدہ طور پر سپریم کورٹ اور حکومت کے خلاف پرشور مہم چلائی۔ یہ میرے نزدیک قوم کے ساتھ غداری ہے۔ کیوں کہ اس سے مذکورہ ذہن مزید پختہ ہو جاتا ہے۔

اس کو ایک تقابلی مثال سے سمجھا جا سکتا ہے۔ نظام الدین ویسٹ (نئی دہلی) میں ہمارے مکان کے سامنے ایک ہندو بیوہ عورت ہے۔ وہ گھروں کے دھلے ہوئے کپڑے پریس کرتی ہے۔ معلوم ہوا کہ اس کام سے وہ روزانہ 70-60 روپے کما لیتی ہے۔ یعنی تقریباً دو ہزار روپے مہینہ۔ اس کے مقابلہ میں شاہ بانو بیگم کو لیجیے۔ وہ سات برس تک مقدمہ لڑتی رہی۔ اس کے بعد عدالت نے اس کو 180 روپے ماہوار دیے جانے کا فیصلہ کیا۔ اب غور کیجیے کہ دونوں میں سے کون زیادہ فائدہ میں ہے۔ شاہ بانو بیگم کے اندر اگر تعمیری مزاج ہوتا تو وہ کسی مفید کام میں مشغول ہو کر زیادہ نفع حاصل کر سکتی تھی۔ مگر اس کو اس کے معاشرے نے صرف لڑائی جھگڑے کا ذہن دیا تھا۔ چنانچہ وہ شوہر سے علیحدگی کے بعد اس سے مسلسل لڑتی رہی اور بالآخر اس کے حصے میں نقصان کے سوا اور کچھ نہ آیا۔

حقیقت یہ ہے کہ ہمارا اصل مسئلہ کریمنل پروسیجر کوڈ کی دفعہ 125 نہیں ہے۔ جس کے خلاف ہمارے تمام اکابر جہاد کا جھنڈا اٹھائے ہوئے ہیں۔ بلکہ لڑائی بھڑائی کا وہ ذہن ہے جس کے سب سے زیادہ ذمہ دار خود ہمارے یہی لیڈر ہیں۔ مسلم لیڈروں کا حال یہ ہے کہ مسلمانوں کے اندر تعمیری مزاج پیدا کرنے کے لیے کچھ نہیں کرتے۔ البتہ حکومت کے خلاف مہم چلانے کا کوئی شوشہ انہیں ہاتھ آ جائے تو اس پر خوب جوش دکھاتے ہیں۔ ان کی یہی سیاست ہے جس نے مسلمانوں کے اندر اِس سرے سے اُس سرے تک تخریبی مزاج (destructive behaviour) پیدا کر دیا ہے۔ مسلمان اس قابل ہی

نہیں رہے ہیں کہ وہ مثبت انداز میں سوچیں اور تعمیری انداز میں کچھ کریں۔

30 اپریل 1986

ہندستان میں 20 ہزار اخبارات نکلتے ہیں، جن کی مجموعی اشاعت (circulation) 50 ملین ہے۔ یہ تعداد 1952ء کے مقابلہ میں چوگنی زیادہ ہے۔

خالص قانونی اعتبار سے یہ کہنا صحیح ہے کہ ہندستان کے اخبارات بھی اتنا ہی آزاد ہیں جتنا کہ امریکہ یا جاپان یا مغربی یورپ کے اخبارات۔ مگر عملاً یہ بات درست نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دوسرے ترقی یافتہ ملکوں کا اخبار نویس اپنی آزادی کو برقرار رکھنے کی پوزیشن میں ہے۔ جب کہ ہندستان کا اخبار نویس اس پوزیشن میں نہیں۔

دوسرے ترقی یافتہ ملکوں کا اخبار نویس اتنا دولت مند ہوتا ہے کہ اس کو کم از کم چھوٹی موٹی رشوتوں سے خریدا نہیں جاسکتا۔ جب کہ ہندستان کا حال یہ ہے کہ رعایتی قیمت پر ایک پلاٹ، کم شرح پر ایک فلیٹ یا یورپ کا ایک تفریحی سفر (pleasure trip) بھی اس کے قلم کو متاثر کرنے کے لیے کافی ہے۔ چنانچہ ہندستان کے تاجر اور یہاں کی حکومت دونوں اخبار نویس کو مذکورہ قسم کی رشوتیں دے کر پریس کی قانونی آزادی کو خرید رہے ہیں۔

